https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC Certified
کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ

روزنامہ
Daily
BALOCHISTAN OBSERVER
Quetta
بلوچستان آبزرور
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | جمعہ 4 ستمبر 2026ء | 21 ربیع اول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 145

ملکی خودمختاری، قومی سلامتی اور سرحدوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، سرفراز بگٹی

دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود کی برآمدگی ان کے مذموم عزائم اور پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے منصوبوں کو مزید بے نقاب کرتی ہے

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پاکستان کی سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور پیشہ ورانہ صلاحیت پوری قوم کیلئے باعثِ فخر ہیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام بنانے اور 15 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شمالی وزیرستان میں پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام بنانے اور 15 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور پیشہ ورانہ صلاحیت پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ 36 گھنٹے تک جاری رہنے والی کارروائی میں سیکیورٹی فورسز نے جس صبر، پیشہ ورانہ مہارت اور بہادری کا مظاہرہ کیا وہ قابلِ تحسین ہے۔ دہشت گردوں کی دراندازی کی کوشش بروقت ناکام بنانا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملکی سرحدوں کے دفاع کے لیے پوری طرح چوکس اور پرعزم (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)



اسلام آباد: وزیر اعظم شہباز شریف سے پمز حادثے میں نومولود بچے کی جان بچانے والی نرس رضیہ نورین ملاقات کر رہی ہیں

نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کی زیرِ صدارت اجلاس، کثیر جہتی سفارتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے جمعرات کو یہاں ایک اجلاس کی صدارت (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ ایران جنگ کو باضابطہ طور پر ختم کرنے پر غور کرنے لگے، امریکی میڈیا کا دعوی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ جاری جنگ کو باضابطہ طور پر ختم کرنے کے اعلان پر (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

اقوام متحدہ میں معاون ٹیکنالوجی سے متعلق پاکستان کی پیش کردہ قرارداد منظور

قومی حکمتِ عملیوں اور ترجیحی معاون مصنوعات کی فہرستوں کی تیاری کی حوصلہ افزائی کرتی ہے

اقوام متحدہ (این این آئی) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے معاون ٹیکنالوجی تک رسائی سے متعلق پاکستان کی پیش کردہ تاریخی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی، اقوام متحدہ کی (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

سیرت طیبہ نوجوانوں کیلئے دنیا و آخرت میں کامیابی کا بہترین راستہ ہے، عطا اللہ تارڑ

سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہو کر ہم دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ نبی کریم ﷺ کی حیات طیبہ ہمارے لیے اسوہ حسنہ ہے، سیرت طیبہ پر عمل پیرا ہو کر ہم دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ جمعرات کو یہاں اسلام آباد ماڈل کالج برائے خواتین میں (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

وفاقی سطح پر بلوچستان کی بنیادی ڈھانچے کی ضروریات کو اہمیت دی جا رہی ہے، جعفر مندوخیل

منصوبوں کی بروقت تکمیل سے بلوچستان میں معاشی سرگرمیوں کو نئی رفتار ملے گی، تجارت کے حجم میں اضافہ ہوگا

گورنر بلوچستان اور وفاقی وزیر مواصلات کی اہم نشست اور بلوچستان کے شاہراہ منصوبوں کی تکمیل ہنگامی بنیادوں پر کرنے پر اتفاق

اسلام آباد (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں استحکام پاکستان پارٹی کے صدر اور وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان کے درمیان "گورنر بلوچستان اور وفاقی وزیر مواصلات کی اہم نشست اور بلوچستان کے شاہراہ منصوبوں کی تکمیل ہنگامی بنیادوں پر کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ اس دوران چیئرمین نیشنل ہائی وے اتھارٹی اور وفاقی سیکرٹری مواصلات بھی موجود (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش ناکام، بھارتی سرپرستی یافتہ فتنہ الخوارج کے ۱۵ دہشتگرد ہلاک

مارے گئے خوارج سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے، بھارتی سرپرستی یافتہ خوارج کو ختم کرنے کے لیے کلیئرنس آپریشن بھی کیا جا رہا ہے

غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی ختم کرنے کیلئے انسدادِ دہشت گردی مہم جاری رہے گی، افغان طالبان حکومت دہشت گرد تنظیم کو افغان سرزمین استعمال کرنے سے روکنے میں ناکام رہی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) پاک افغان سرحد کے قریب فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی پاکستان میں داخل ہونے کی کوشش ناکام بنا دی گئی، فورسز کی کارروائی کے نتیجے میں پندرہ دہشتگرد مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے پیشہ ورانہ انداز میں دہشت گردوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا اور بھارتی سرپرست یافتہ 15 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مارے گئے خوارج سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے، بھارتی سرپرستی یافتہ خوارج کو ختم کرنے کے لیے کلیئرنس آپریشن بھی کیا جا رہا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ملک میں امن و استحکام کو دہشت گرد سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے تھے، افغان طالبان حکومت دہشت گرد تنظیم کو افغان سرزمین استعمال کرنے سے روکنے میں ناکام رہی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ کے مطابق افغان طالبان حکومت موثر (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے سابق ڈپٹی سپیکر سردار بابر خان موسیٰ خیل اور سردار محمد حنیف خان موسیٰ خیل ملاقات کر رہے ہیں

غزہ سے مظلوم فلسطینیوں کی جبری بے دخلی کیلئے اسرائیل نے امریکا سے منظوری مانگ لی

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے کہا ہے کہ اسرائیل غزہ سے فلسطینی آبادی کو نکالنے کے منصوبے کے لیے تیار ہے تاہم اس معاملے میں امریکا کی منظوری کا انتظار کیا جا رہا ہے۔ اسرائیلی میڈیا کی جانب سے منعقدہ ایک کانفرنس سے خطاب (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

سیرتِ نبوی ﷺ ہمارے لئے مکمل ضابطہ حیات اور دنیا و آخرت میں کامیابی کا حقیقی راستہ ہے، سیدال خان

عصرِ حاضر میں نوجوانوں کو درپیش تعلیمی، معاشی اور سماجی چیلنجز کا پائیدار حل اسلامی تعلیمات اور سیرتِ طیبہ ﷺ کی روشنی میں تلاش کیا جا سکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ سیرتِ نبوی ﷺ ہمارے لئے مکمل ضابطہ حیات اور دنیا و آخرت میں کامیابی کا حقیقی راستہ ہے، عصرِ حاضر میں نوجوانوں کو درپیش تعلیمی، معاشی اور سماجی چیلنجز کا پائیدار حل اسلامی تعلیمات اور سیرتِ طیبہ ﷺ کی روشنی میں تلاش کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار الحمد (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم یوتھ پروگرام، ایزمر اور کاروٹ سسٹمز کے درمیان لیٹر آف انٹینٹ پر دستخط

دونوں ادارے مل کر تربیت، ڈیجیٹل تعلیم، استعدادِ کار اور ہنرمندیوں کی ترقی کے شعبوں میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم یوتھ پروگرام، ایزمر اور کاروٹ سسٹمز کے درمیان لیٹر آف انٹینٹ پر دستخط کئے گئے ہیں۔ جمعرات کو وزیر اعظم یوتھ پروگرام سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم یوتھ پروگرام اور ایزمر و کاروٹ سسٹمز کے کنسورشیم کے درمیان وزیر اعظم آفس میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور ان کی ترقی کے لئے باہمی تعاون کے مختلف امکانات پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں تعلیم، ہنرمندیوں کی ترقی، کاروباری صلاحیتوں (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

عوام کو صحت عامہ کی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے

شہباز شریف

عوام کو صحت عامہ کی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے صحت کے شعبے میں اصلاحات کے عمل کو تیز تر کیا جائے

عوام کو صحت عامہ کی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے صحت کے شعبے میں اصلاحات کے عمل کو تیز تر کیا جائے، وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عوام کو صحت عامہ کی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے صحت کے شعبے میں اصلاحات کے عمل کو تیز تر کیا جائے۔ جمعرات کو وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت جناح میڈیکل کمپلیکس و ریسرچ سینٹر اور فیڈرل گورنمنٹ پولی کلینک فیز 2 ایکسٹینشن کی تعمیر کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا جس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم کا اسلام آباد میں نیپال کے سفارتخانے کا دورہ

حالیہ سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ میں جاں بحق افراد کی یاد میں تعزیتی کتاب میں تاثرات درج

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے اسلام آباد میں نیپال کے سفارتخانے کا دورہ کیا اور نیپال میں حالیہ تباہ کن سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم سے پمز آتشزدگی واقعے میں نومولود کی جان بچانے والی نرس رضیہ نورین کی ملاقات

اپنی جان خطرے میں ڈال کر نومولود کی جان بچانا عظیم عمل ہے، تمغہ خدمت کا اعلان اور ایک کروڑ روپے کا چیک دیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے پمز آتشزدگی واقعہ میں اپنی جان پر کھیل کر نومولود کی جان بچانے والی نرس رضیہ نورین سے جمعرات کو یہاں ملاقات کی اور ان کی ہمت اور جذبے کی تعریف کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ نرس رضیہ نورین نے اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر جس ہمت اور عظیم مقصد کے (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

استنبول، دو بحری جہازوں میں تصادم کارگو جہاز 10 ڈوب گیا

استنبول (این این آئی) ترکیہ کے شہر استنبول کے قریب بحیرہ مرمرہ میں دو بحری جہازوں کے تصادم کے بعد ایک کارگو جہاز ڈوب گیا جس کے عملے کے 10 افراد لاپتا ہیں (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار سے افغانستان میں پاکستان کے سفیر عبیدالرحمٰن نظامانی کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے افغانستان میں پاکستان کے سفیر عبیدالرحمٰن نظامانی نے وزارتِ خارجہ میں ملاقات کی۔ جمعرات (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

نوشکی میں مبینہ جنسی زیادتی کے بعد قتل کی گئی بچی کا پوسٹ مارٹم مکمل

بچی کے قتل کے الزام میں تین ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے جن سے تفتیش جاری ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع نوشکی میں مبینہ جنسی زیادتی کے بعد قتل کی گئی بچی کا پوسٹ مارٹم سول سنڈیمن اسپتال کوئٹہ میں مکمل کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق نوشکی کے علاقے احمد وال میں مبینہ طور پر جنسی زیادتی اور تشدد کے بعد قتل کی گئی بچی کی عمر 6 سے 7 سال ہے۔ (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

زیارت کراس، نامعلوم دہشتگردوں کی فائرنگ سے ڈی سی ہرنائی کے 2 گن مین زخمی

اسکواڈ کی گاڑی ڈی سی ہرنائی کو کوئٹہ پہنچا کر واپس ہرنائی جا رہی تھی کہ واقعہ پیش آیا

کوئٹہ (این این آئی) زیارت کراس کے قریب نامعلوم دہشتگردوں کی فائرنگ سے ڈی سی ہرنائی کے 2 گن مین زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو زیارت کراس کے قریب نامعلوم دہشت گردوں نے ڈی سی ہرنائی کے اسکواڈ پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں انکے 2 محافظ نصراللہ اور دوست محمد زخمی ہوگئے جوابی کارروائی کے بعد نامعلوم دہشت گرد (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

چار قراردادوں اور انسداد دہشتگردی بلوچستان کا ترمیمی مسودہ قانون منظور

بلوچستان اسمبلی اجلاس

محکمہ کھیل اور محکمہ سیاحت سے متعلق سوالات متعلقہ وزرا کی عدم موجودگی کے باعث موخر کردیئے گئے

غیر قانونی ٹرالنگ کو روکنے کے لیے کی گئی کارروائیوں سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پارلیمانی سیکرٹری برائے ماہی گیری کی یقین دھانی پر نمٹا دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی نے پنجگور، خضدار، دالبندین اور ژوب سے اندرون صوبہ اور ملک پروازیں چلانے سمیت چار قراردادوں اور انسداد دہشت گردی بلوچستان کا ترمیمی مسودہ قانون منظور کرلیا، غیر قانونی ٹرالنگ کو روکنے کے لیے کی گئی کارروائیوں سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پارلیمانی سیکرٹری برائے ماہی گیری کی یقین دھانی پر نمٹا دیا گیا۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیرصدارت (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

میر سرفراز بگٹی سے سردار بابر اور سردار حنیف کی ملاقات

پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو تیز کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل اور قبائلی رہنماء سردار محمد حنیف خان موسیٰ خیل نے ملاقات کی ملاقات میں صوبے کی مجموعی سیاسی و سماجی صورتحال، موسیٰ خیل سمیت مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی اقدامات اور عوام کو درپیش مسائل سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

ایران کے جوہری پروگرام پر ابہام، اصفہان تنصیب کی صورتحال سے جوہری توانائی ایجنسی لاعلم

تہران (این این آئی) ایران کی جوہری تنصیبات کی صورتحال سے متعلق (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی راحیلہ حمید درانی ملاقات کر رہے ہیں

خواتین کی تعلیم، ترقی اور بااختیاری کے بغیر معاشرے کی حقیقی ترقی ممکن نہیں، ضیاء لانگو

خواتین کی تعلیم، ہنرمندی اور معاشی خودمختاری کے لیے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے

بلوچ خواتین ہماری ثقافت، تعلیم اور سماجی اقدار کی مضبوط بنیاد ہیں، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچ خواتین ہماری ثقافت، تعلیم اور سماجی اقدار کی مضبوط بنیاد ہیں، جنہوں نے نئی نسل کی تعلیم و تربیت، روایات کے تحفظ اور معاشرے میں وقار، عزت اور مثبت اقدار کے فروغ میں ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان عوامی پارٹی کے خواتین ونگ کے رہنماؤں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچ خواتین نہ (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

بھارت میں قید یاسین ملک کا اپنا مقدمہ مزید لڑنے سے انکار، اہلیہ کو رفاقت سے آزاد کرنے کا پیغام

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں قید کشمیری رہنما یاسین ملک نے اپنا مقدمہ مزید لڑنے سے انکار کر دیا۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق بھارتی عدالتوں پر عدم اعتماد (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

31 اگست کے اجلاس میں کہے گئے نامناسب الفاظ کے خلاف مذمتی قرارداد منظور

میں نے جو بات کی ہے اس پر قائم ہوں اس دوران صوبائی وزرا صادق عمرانی اور بخت کاکڑ کے درمیاں تلخ جملوں کا تبادلہ ہوا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی نے صوبائی وزیر میر صادق عمرانی کی جانب سے صوبائی اسمبلی کے 31 اگست کے اجلاس میں کہے گئے نامناسب الفاظ کے خلاف (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

سرمایہ کاروں کو متوجہ کرنے والی قابل اعتماد ملکی ایکو سسٹم کی تشکیل دینے کی ضرورت ہے، محمد اورنگزیب

پاکستانی اور بین الاقوامی دونوں سرمایہ کاروں کو متوجہ کرنے والی قابل اعتماد ملکی ایکوسسٹم کی تشکیل دینے کی ضرورت ہے

قومی پرائیویٹ ایکویٹی پالیسی فریم ورک کا مقصد حقیقی سرمائے کو متحرک کر کے سرمایہ کاری کے عملی نتائج میں تبدیل کرنا ہونا چاہیے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ قومی پرائیویٹ ایکویٹی پالیسی فریم ورک کا مقصد حقیقی سرمائے کو متحرک کر کے اسے سرمایہ کاری کے عملی نتائج میں تبدیل کرنا ہونا چاہیے، پاکستانی اور بین الاقوامی دونوں سرمایہ کاروں کو متوجہ کرنے والی قابل اعتماد ملکی ایکوسسٹم کی تشکیل دینے کی ضرورت ہے، پاکستان کے کاروباری اداروں اور سرمایہ کاری کے مواقع کو ادارہ جاتی سرمائے کے وسیع تر ذرائع سے منسلک ہونا چاہیے۔ انہوں نے یہ بات جمعرات کو یہاں قومی پرائیویٹ ایکویٹی پالیسی فریم ورک کی تیاری کے لیے (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

پاکستان عالمی بحری سلامتی میں مؤثر کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، عبدالقادر

کثیر ملکی بحری اتحاد میں پاکستان کا نمایاں کردار خطے کے طاقت کے توازن میں اہم پیشرفت اور قوم کیلئے باعثِ اعزاز ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں استحکام پاکستان پارٹی کے صدر اور وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان ملاقات کر رہے ہیں

ایک ہی چھاپے میں 6 لاکھ شہریوں کے فنگر پرنٹس، بائیومیٹرک ڈیٹا برآمد ہونے کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) این سی سی آئی اے نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی داخلہ میں انکشاف کیا ہے کہ ایک ہی چھاپے (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی عالمی مالیاتی منڈیوں میں واپسی؛ یورو بانڈ کے ذریعے 3 ارب ڈالر حاصل کر لیے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے ساڑھے 5 سالہ اور 10 سالہ یورو بانڈ کے ذریعے مجموعی طور پر 3 ارب ڈالر حاصل (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر آبپاشی محمد صادق عمرانی سے پیپلز پارٹی لورالائی کے سینئر رہنما شمس حمزہ زئی ملاقات کر رہے ہیں

نیشنل پارٹی ہر مرحلے میں اپنے پروفیشنل لوگوں اور عوام کے ساتھ ہے

ڈاکٹر مالک بلوچ

سیکورٹی فورسز کی جانب سے ٹیچنگ ہسپتال تربت کے ڈاکٹروں کی تذلیل کرنے اور پیرامیڈیکل اسٹاف پر تشدد قابل مذمت ہے

سیکورٹی کے اداروں کو ذمہ دار اداروں کے ذمہ دار لوگوں اور عام شہریوں کا احترام کرنا سیکھنا ہوگا، مرکزی صدر نیشنل پارٹی

تربت (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور مرکزی رہنما سینیٹر جان محمد بلیدی نے سیکورٹی فورسز کی جانب سے ٹیچنگ ہسپتال تربت کے ڈاکٹروں کی تذلیل کرنے اور پیرامیڈیکل اسٹاف پر تشدد کی شدید الفاظ میں مزمت کی۔ انھوں نے کہا کہ گزشتہ چار دنوں سے پورے کیچ کو بلا جواز پورے تربت شہر کو یرغمال بنایا گیا تمام شاہراہیں لوگوں کی آمد و رفت کے لیے بند کر (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر ربابہ بلیدی سے اے آئی جی پولیس (جینڈر) اسرار احمد عمرانی کی ملاقات

پولیس سمیت تمام متعلقہ اداروں میں جینڈر حساسیت کے حوالے سے استعداد کار بڑھانے سے خواتین کے اعتماد میں اضافہ ہوگا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے جمعرات کو یہاں اے آئی جی پولیس (جینڈر) اسرار احمد عمرانی نے (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

تمام قومی شاہراہوں اور تجارتی راستوں کو فوری طور پر محفوظ بنایا جائے، پشتون قومی جرگہ

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری کے طور پر یقینی بنایا جائے

دہشت گردی و جرائم کے خاتمے کیلئے قانون کے مطابق بلاامتیاز، مؤثر اور مستقل کارروائی کی جائے، پشتون قومی جرگہ میں پاس کی گئیں قراردادوں میں مطالبہ

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی دعوت پر بنوں جرگہ منعقدہ 11 تا 14 مارچ 2022 کے فیصلوں کی روشنی میں 30، 31 اگست اور یکم ستمبر 2026 کو کوئٹہ میں جنوبی پشتونخوا کے عوام اور پشتون قوم کا جرگہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کی زیر صدارت منعقد (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

جھل مگسی، نگور سے اغوا تین افراد 19 روز بعد بحفاظت بازیاب

تینوں افراد کی بازیابی میں جھل مگسی پولیس اور مقامی کمیونٹی کا تعاون اہم اور قابلِ تحسین رہا

گنداواہ (این این آئی) جھل مگسی کے علاقے نگور میں کرش پلانٹ (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

زیارت کی ترقی سے متعلق منصوبوں میں معیار، شفافیت اور عوامی مفاد کو مقدم رکھا جائے، نور محمد دمڑ

ترقیاتی اقدامات کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے مؤثر حکمتِ عملی اپنائی جائے

زیارت کی ترقی نہ صرف مقامی آبادی بلکہ بلوچستان میں سیاحت کے فروغ کے لیے بھی انتہائی اہم ہے، صوبائی وزیر کموڈیٹی منجمنٹ ڈیپارٹمنٹ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی منجمنٹ ڈیپارٹمنٹ و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کی زیر صدارت زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ZVDA) کی گورننگ باڈی کا تیسرا اجلاس محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات حکومتِ بلوچستان کے کمیٹی روم کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے گورننگ باڈی کے اراکین اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں زیارت ویلی (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

بے گناہ لاتعلق نوجوان کو ماورائے عدالت و آئین غائب کیے جا رہے ہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن

بے گناہ لاتعلق نوجوان کو ماورائے عدالت و آئین غائب کیے جا رہے ہیں کوئی عدل و انصاف اور سننے والا نہیں

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال پر بلوچستان بھر کے دکانداروں تاجروں، کاروباری حضرات و شہریوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی کی کال پر پورے ملک کی طرح بلوچستان بھر میں امن کیلئے بدامنی دہشت گردی بارڈرز وسڑکوں کی بندش اور پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری کے خلاف سب متحد ہوئے اگر ہم متحد رہے تو انشاء اللہ ہمارے مسائل حل مشکلات (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

سپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت صوبائی وزراء بخت محمد کاکڑ، حاجی نور محمد دمڑ، میر ضیاء اللہ لانگو، حاجی علی مدد جتک، میر عاصم کرد گیلو، پارلیمانی سیکرٹری اسفندیار خان کاکڑ، حاجی برکت علی رند، خادیہ نواز اراکین صوبائی اسمبلی فرح عظیم شاہ، ڈاکٹر اشوک کمار، میر یونس عزیز زہری، میر رحمت صالح بلوچ، حاجی اصغر ترین، میر اسداللہ بلوچ، مولانا ہدایت الرحمٰن، خیر جان بلوچ و سید ظفر آغا اسمبلی اجلاس میں پیش کی گئی مشترکہ مذمتی قرارداد اور دیگر قراردادوں پر اظہار خیال کر رہے ہیں

پاکستان کا مسئلہ نئے صوبے بنانا یا صوبوں کی تقسیم نہیں، جان محمد بلیدی

جمہوری و سیاسی عمل کا تسلسل اور معیشت کا استحکام ہے، مرکزی رہنما نیشنل پارٹی

تربت (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر جان محمد بلیدی نے کہا کہ پاکستان کا مسئلہ نئے صوبے بنانا یا صوبوں کی تقسیم نہیں بلکہ جمہوری و سیاسی عمل کا تسلسل اور معیشت کا استحکام ہے، آئین کی پاسداری اور جمہوریت کی عملداری نہ ہونے سے عوامی بے چینی بڑھتی جا رہی ہے، بلوچستان کے ساتھ ساتھ کے پی کے، گلگت اور کشمیر میں بھی حالات خراب ہیں، عالمی سطح پر پاکستان کے بڑی طاقتوں سے اچھے تعلقات ہیں تاہم بلوچستان سمیت اندرونی (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

روزنامہ
Daily
BALOCHISTAN Observer
Quetta
بلوچستان آبزرور
کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر
دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

پاکستان کرغزستان کا تجارت 20 کروڑ ڈالر تک بڑھانے کے عزم

نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے جمہوریہ کرغزستان کے دورے کے دوران 17 دو طرفہ دستاویزات پر دستخط کیے گئے ان دستاویزات میں ٹرانزٹ تجارت، حوالگی، باہمی قانونی معاونت، انسدادِ منشیات، تعلیم، علمی تحقیق و تبادلے، موسمیاتی تبدیلی، سائنس و ٹیکنالوجی سمیت دیگر اہم شعبوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ پاکستان اور کرغزستان کی وزارتِ خارجہ کے درمیان تعاون کا پروگرام، حوالگی کا معاہدہ، باہمی قانونی معاونت کا معاہدہ اور علمی تحقیق و تبادلے سے متعلق مفاہمت کی یادداشت شامل ہیں۔ دونوں ممالک نے دو طرفہ تجارت کا حجم 20 کروڑ ڈالر تک بڑھانے کے عزم کا بھی اعادہ کیا ہے۔ یہ معاہدے دونوں ممالک کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو مزید مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ باہمی مفاد پر مبنی تعاون کے نئے مواقع پیدا کریں گے۔

پاکستان اور کرغزستان نے تعلیم، صحت، تجارت، ماحولیاتی تبدیلی، سائنس و ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کیلئے متعدد معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کر دیئے اور دونوں ممالک نے تعلیم، صحت، تجارت، ماحولیاتی تبدیلی، سائنس و ٹیکنالوجی، ماحولیاتی تبدیلیوں اور ثقافت سمیت مختلف شعبوں میں تعلقات کو فروغ دینے اور اقتصادی شراکت داری کو نئی بلندیوں پر لے جانے کیلئے عملی اور نتیجہ خیز اقدامات پر اتفاق کیا ہے جبکہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ کرغزستان وسطی ایشیا میں پاکستان کا اہم شراکت دار ہے، دونوں ممالک کے درمیان راہداری تجارت معاہدہ خوش آئند پیشرفت ہے، معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط دو طرفہ تعاون کے فروغ کے نئے دور کا آغاز ہے، موجودہ دو طرفہ تجارت کے حجم کو آئندہ دو سال میں 16 ملین ڈالر سے 200 ملین ڈالر تک بڑھانے کا عزم رکھتے ہیں، کاسا 1000 منصوبے کی بروقت تکمیل ضروری ہے، دہشت گردی، انتہا پسندی اور دیگر عصری خطرات سے نمٹنے کیلئے تعاون بڑھائیں گے۔ معاہدوں میں انسٹی ٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) اور جمہوریہ کرغزستان کے نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار سٹریٹجک انیشی ایٹو کے درمیان مفاہمت کی یادداشت کی دستاویز، پاکستان کی وزارت خارجہ اور کرغزستان کی وزارت خارجہ کے درمیان 2026-27 کیلئے تعاون کا پروگرام، پاکستان کی حکومت اور کرغزستان کے کابینہ وزرا کے درمیان ٹرانزٹ ٹریڈ بارے معاہدہ، کرغزستان اور پاکستان کی حکومت کے درمیان حوالگی کا معاہدہ، حکومت پاکستان اور کرغزستان کے درمیان سائنس اور تکنیکی تعاون کا معاہدہ، پاکستان اور کرغزستان کے درمیان فوجداری معاملات میں باہمی قانونی معاونت کے معاہدے کا مسودہ، کرغزستان کی وزارت داخلہ اور پاکستان کی وزارت داخلہ و انسداد منشیات کے درمیان منشیات، نشہ آور اشیا اور پریکرسر کیمیکلز وغیرہ کی سمگلنگ کی روک تھام میں تعاون کیلئے مفاہمت کی یادداشت، کرغزستان کی وزارت صحت اور پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل کے درمیان طبی تعلیم کیلئے تعاون سے متعلق مفاہمت کی یادداشت، کرغزستان کی وزارت تعلیم اور پاکستان کی وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کے درمیان تعلیم کے شعبہ میں تعاون سے متعلق مفاہمت کی یادداشت، کرغزستان کی وزارت قدرتی وسائل، ماحولیات اور تکنیکی نگرانی اور پاکستان کی وزارت موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ کاری کے درمیان ماحولیات اور موسمیاتی تبدیلی کے شعبے میں تعاون کیلئے مفاہمت کی یادداشت، این ڈی یو پاکستان اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ فار سٹریٹجک انیشی ایٹوز کرغزستان کے درمیان اکیڈمک ریسرچ اور معاون سرگرمیوں کے شعبے میں مفاہمت کی یادداشت، کرغزستان کے صدر کیز یر انتظام قومی ایجنسی برائے ورچوئل ایسٹس اور بلاک چین ٹیکنالوجیز اور پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی کے درمیان ورچوئل اثاثوں کے شعبے میں تعاون کیلئے مفاہمت کی یادداشت، لاہور اور کرغزستان کے شہر اوش کے درمیان سسٹر سٹی تعلقات کے قیام کا معاہدہ، اوجے ایس سی کرغز پوسٹ اور پاکستان پوسٹ کے درمیان پوسٹل سروسز اور ای کامرس کے شعبے میں باہمی تعاون سے متعلق دو طرفہ معاہدہ اور کرغزستان کے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے درمیان تعاون کے معاہدے کی دستاویزات کا تبادلہ کیا گیا۔

نام نہاد قومی میڈیا کا سندھ کی وحدت پر وار

بات سے بات
منصور نظامانی
mansoornizamani111@gmail.com

سندھ کی انتظامی تقسیم کا بحث ملک کے نام نہاد قومی میڈیا میں زور وشور سے جاری ہے۔ مختلف ٹی وی پروگراموں اور تجزیوں میں سندھ کے موجودہ انتظامی ڈھانچے کو مسائل کی بنیادی وجہ کے طور پر پیش کیا جا رہا ہے اور نئے انتظامی یونٹس کو گویا ہر مسئلے کا واحد حل قرار دیا جا رہا ہے۔ کسی بھی سیاسی تجویز پر بحث کرنا جمہوریت کا حسن ہے، لیکن اگر ایک ہی رائے کو مسلسل منظم انداز میں پیش کیا جائے اور اس کے برعکس سندھ کے عوامی موقف کو میڈیا میں مناسب جگہ نہ دی جائے تو قومی میڈیا کے بارے میں شفافیت کے سوالات ضرور پیدا ہوتے ہیں۔

سندھ کے بارے میں رائے قائم کرنے سے پہلے سندھ کی تاریخ، سماج اور سیاسی مزاج کو سمجھنا ضروری ہے۔ سندھ صدیوں سے اپنی الگ تاریخی اور ثقافتی شناخت رکھنے والا خطہ ہے۔ یہاں صوبائی وحدت کا تصور صرف انتظامی سرحدوں تک محدود نہیں بلکہ لوگوں کے تاریخی شعور اور اجتماعی احساسات سے جڑا ہوا ہے۔ اس لیے سندھ کی تقسیم کو صرف آبادی، شہروں کے انتظام یا حکمرانی کے مسائل کی بنیاد پر جانچنا ایک پیچیدہ معاملے کو حد درجہ سادہ بنا دینا ہوگا۔

کراچی کے مسائل حقیقی ہیں اور ان سے انکار ہرگز نہیں کیا جا سکتا۔ شہر کو بہتر بلدیاتی حکومت، جدید انفرا اسٹرکچر، مؤثر ٹرانسپورٹ، صاف پانی، نکاسی آب کے نظام اور مضبوط انتظامی اداروں کی ضرورت ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ ان مسائل کا حل صرف صوبے کی تقسیم میں ہی کیوں ہونا چاہیے؟ اگر کسی شہر کی انتظامی کارکردگی کمزور ہے تو بلدیاتی اداروں کو بااختیار بنانے، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے سے بھی یہ مسائل حل کیے جاسکتے ہیں۔ انتظامی ناکامی کو لازمی طور پر جغرافیائی تقسیم سے جوڑنا منطقی طور پر درست نہیں۔

اسی وقت یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ سندھ کے دیگر شہروں اور دیہی علاقوں کے مسائل کیا ہیں۔ تعلیم، صحت، زراعت، پانی، روزگار، غربت، سڑکوں، اسپتالوں اور بنیادی سہولیات کی کمی نے کئی علاقوں کو متاثر کر رکھا ہے۔ اگر انتظامی تقسیم کو ترقی کا بنیادی نسخہ قرار دیا جاتا ہے تو پھر یہ سوال بھی پوچھنا چاہیے کہ کیا نیا انتظامی نقشہ ان تمام مسائل کا خود بخود حل پیدا کر دے گا؟ حقیقت یہ ہے کہ ترقی کا انحصار صرف نقشے کی تبدیلی پر نہیں بلکہ پالیسیوں، وسائل، اداروں اور حکمرانی کے معیار پر بھی ہوتا ہے۔ میڈیا کا فرض ہے کہ وہ ایسے سوالات عوام کے سامنے ضرور رکھے۔ اگر کوئی تجزیہ نگار نئے صوبے یا انتظامی یونٹ کی حمایت کرتا ہے تو اسے اپنے دلائل دینے کا مکمل حق حاصل ہے، لیکن اسی اسکرین پر اس تجویز کے مخالف دلائل بھی سننے چاہئیں۔ عوام کو صرف نتیجہ بتانے کے بجائے مختلف مؤقف، اعداد وشمار، تاریخی پس منظر اور ممکنہ نتائج سے بھی آگاہ کرنا ضروری ہے۔ صحافت کا معیار اس بات سے طے ہوگا کہ بحث کو زمینی حقیقت سے جوڑا جائے۔ سندھ کے عوامی موقف کو بھی ترجیح دی جائے تا کہ حقیقت کا علم ہو سکے کہ عوام کیا سوچ رہے ہیں۔

لیکن بدقسمتی سے دیکھا جائے تو قومی میڈیا میں سندھ کے بارے میں بحث اکثر سندھ کے لوگوں کے موجودہ سیاسی احساسات سے کٹی ہوئی نظر آتی ہے۔ کبھی کبھی ایسی گفتگو بھی سننے کو ملتی ہے، جس میں سندھ کے لوگوں کے خدشات کو سمجھنے کے بجائے انہیں محض ایک سیاسی نعرے تک محدود کر دیا جاتا ہے۔ ایسی روش سے مسئلہ حل ہونے کے بجائے لوگوں میں یہ احساس پیدا ہوتا ہے کہ ان کی رائے کو اہمیت نہیں دی جا رہی۔ قومی میڈیا کو عوام کے بارے میں بات کرنے کے ساتھ ساتھ عوام کی بات سننے کی روایت بھی مضبوط کرنی ہوگی۔ یہ معاملہ صرف سندھ تک محدود نہیں۔ پاکستان جیسے کثیر قومی، کثیر لسانی اور وفاقی ملک میں صوبوں کے معاملات پر گفتگو انتہائی احتیاط سے کی جانی چاہیے۔ کسی صوبے کی سیاسی اور تاریخی حساسیت کو نظر انداز کر کے صرف اپنی پسند کو اہمیت دیتے ہوئے تقسیم کی بات کی جائے گی تو سندھ کے عوام کا ردعمل سامنے آنا بھی ایک فطری عمل ہے۔ وفاق اس وقت مضبوط ہوگا جب اس کی مختلف وحدتوں کو عزت، اعتماد اور برابری کا احساس حاصل ہوگا۔ مسلسل شک، الزام تراشی اور طعنوں سے صوبوں کے درمیان وفاقی رشتے مضبوط نہیں ہو سکتے۔

سندھ اور پنجاب کے عوام کے درمیان عام سطح پر بہت سے انسانی اور معاشی تعلقات موجود ہیں۔ لاکھوں لوگ روزگار، تعلیم، تجارت اور دیگر ضروریات کے باعث ایک صوبے سے دوسرے صوبے کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں۔ ان دونوں صوبوں کے عوام کو ایک دوسرے کے خلاف کرنے کے بجائے میڈیا کو ان عوامی رشتوں کو مضبوط کرنا چاہیے۔ سیاسی اختلافات کو عوامی نفرت میں تبدیل کرنا کسی بھی ذمہ دار صحافت کا مقصد نہیں ہونا چاہیے۔ صحافی اور تجزیہ نگار جب کسی حساس موضوع پر گفتگو کرتے ہیں تو ان کے الفاظ کا اثر اسٹوڈیو سے بہت دور تک جاتا ہے۔ ایک غیر ذمہ دار جملہ ہزاروں لوگوں میں غلط فہمی پیدا کر سکتا ہے، جبکہ ایک متوازن تجزیہ اسی بحث کو دلیل اور برداشت کی طرف لے جا سکتا ہے۔ اس لیے صحافتی آزادی کے ساتھ صحافتی ذمہ داری بھی اتنی ہی اہم ہے۔ آزادی کا مطلب یہ نہیں کہ کسی بھی مؤقف کو حقیقت کی پرکھ کے بغیر عوام کے سامنے پیش کیا جائے۔

سندھ کی تقسیم کے بارے میں قومی میڈیا پر جو بحث جاری ہے، اس کی حقیقی پرکھ کرنی ہے تو اس کے لیے ٹی وی اسٹوڈیو کے شور سے باہر نکلنا ہوگا۔ سندھ کے مختلف علاقوں کے دورے کرنا، مقامی لوگوں، دانشوروں، اساتذہ، تاجروں، نوجوانوں اور سیاسی حلقوں سے بات کرنا اور ان کی مختلف آرا کو سمجھنا ضروری ہے۔ محض سوشل میڈیا کی پوسٹس، بند کمرے کے مباحث یا منتخب اعداد وشمار کی بنیاد پر کسی صوبے کے مستقبل کے بارے میں رائے قائم کرنا صحافتی تحقیق پر ایک داغ ہوگا، جس کی عوام کے سامنے کوئی اہمیت نہیں ہوگی۔ اس وقت ملک کو ایسی صحافت کی ضرورت ہے جو اختلاف کو برداشت کرے، سوالات کو کھلے ذہن کے ساتھ عوام کے سامنے رکھے اور کسی بھی حساس معاملے کو جذباتی نعرے بازی کے بجائے دلیل سے دیکھے۔ سندھ کی تقسیم کی حمایت کرنا یا مخالفت کرنا ہر شہری کا سیاسی حق ہے، لیکن کسی بھی مؤقف کو عوامی اتفاقِ رائے کا نام دینے سے پہلے یہ دیکھنا ضروری ہے کہ زمین پر لوگوں کی حقیقی رائے کیا ہے۔

☆ جاری ہے ☆

روزگار کے وعدے اور بے روزگاری کے ریکارڈ



قارئین، پاکستان میں روزگار کی فراہمی اور بے روزگاری کے بڑھتے ہوئے اعداد و شمار گزشتہ کئی دہائیوں سے قومی سیاق و سباق میں اہم ترین موضوعات رہے ہیں۔ ملکی تاریخ کا جائزہ لیا جائے تو ہر آنے والی حکومت نے سیاسی مہمات کے دوران غریب اور درمیانے طبقے کو خوشحال بنانے، معاشی استحکام لانے اور لاکھوں نئی ملازمتیں پیدا کرنے کے دلکش وعدے کیے۔ انتخابی منشور میں روزگار کے بے شمار مواقع، تکنیکی تعلیم کے فروغ اور صنعتی انقلاب کے دعوے کیے جاتے ہیں لیکن اقتدار سنبھالتے ہی یہ بلند بانگ دعوے معاشی ترجیحات میں کہیں پیچھے رہ جاتے ہیں۔ پاکستان کا المیہ یہ رہا ہے کہ سیاسی سطح پر کیے گئے وعدوں کو حقیقی اور دیرپا معاشی پالیسیوں کی شکل دینے میں ہمیشہ ناکامی ہوئی۔ حکومتیں تبدیل ہوتی رہیں مگر معاشی اصلاحات کا غیر مسلسل عمل، سیاسی عدم استحکام اور بنیادی سٹرکچر کی غیر موجودگی کی وجہ سے بے روزگاری کا مسئلہ مسلسل سنگین صورتحال اختیار کرتا چلا گیا۔ اس کے نتیجے میں ملک کا وہ نوجوان طبقہ جو آبادی کا تقریباً تریسٹھ فیصد ہے، شدید مایوسی، بے یقینی اور معاشی پسماندگی کا شکار ہو رہا ہے۔ بے روزگاری کے سرکاری اور غیر سرکاری ریکارڈ اس معاشی بدحالی کی تلخ حقیقت کو واضح طور پر ظاہر کرتے ہیں۔ پاکستان بیورو آف سٹیٹسٹکس کے ماضی کے جائزوں اور لیبر فورس سروے کی رپورٹوں کے مطابق ملک میں بے روزگاری کی شرح مسلسل اتار چڑھاؤ کے ساتھ مجموعی طور پر بڑھتی ہی رہی ہے۔ کووڈ انیس کے دور سے لے کر موجودہ سالوں تک معاشی بحران، تجارتی خسارے اور ایندھن کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے پیداواری صلاحیت کو شدید متاثر کیا۔ ملک کے اہم ترین تعلیمی اور تحقیقی اداروں بشمول پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس کے اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ ملک میں حقیقی بے روزگاری کی شرح سرکاری ارقام و شمار سے کہیں زیادہ وسیع ہو چکی ہے۔ خصوصاً اعلیٰ تعلیم یافتہ طبقے، یونیورسٹی ڈگری ہولڈرز اور پیشہ ورانہ قابلیت رکھنے والے جوانوں میں بے روزگاری کی شرح تشویشناک حد تک زیادہ ہے۔ یہ ریکارڈ بتاتا ہے کہ ملک میں تعلیمی نظام اور انڈسٹری کی ضرورت کے درمیان شدید عدم توازن موجود ہے جس کی وجہ سے ڈگریاں رکھنے کے باوجود نوجوانوں کو روزگار نہیں مل پا رہا۔ صنعتی، زرعی اور سروسز سیکٹر کی تنزلی نے اس بحران کو مزید گہرا کر دیا ہے۔ ٹیکسٹائل اور دیگر مینوفیکچرنگ کی عظیم صنعتیں، جو ملکی معیشت میں سب سے زیادہ روزگار فراہم کرنے کا ذریعہ تھیں، طاقت کے ذرائع یعنی بجلی اور گیس کی معاشی تنگی اور بڑھتے ہوئے اخراجات کی وجہ سے کساد بازاری کا شکار ہوگئیں۔ سینکڑوں کارخانے جزوی یا مکمل طور پر بند ہوئے جس سے لاکھوں محنت کش بے روزگار ہو گئے۔ دوسری طرف زراعت کا شعبہ، جو ملک کی نصف کے قریب محنت کش افرادی قوت کو جذب کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، جدید ٹیکنالوجی کی عدم دستیابی، موسمیاتی تبدیلیوں اور زرعی اجناس کی لاگت میں اضافے کے باعث بدحالی کا شکار ہے۔ ان تمام عوامل کے یکجا ہونے سے بے روزگاری کے ریکارڈ میں ریکارڈ توڑ اضافہ دیکھا گیا، جبکہ سرکاری سطح پر نوکریوں پر پابندیاں، پوسٹوں کی منجمدی اور معاشی بجٹ میں کٹوتیوں نے صورتحال کو مزید بحرانی بنا دیا۔ روزگار کے وعدوں اور تلخ حقائق کے درمیان اس تفاوت کا سب سے بڑا اور خطرناک نتیجہ برین ڈرین یعنی باصلاحیت افرادی قوت کے بیرون ملک فرار کی صورت میں سامنے آرہا ہے۔ ہر سال لاکھوں ڈاکٹرز، انجینئرز، آئی ٹی ماہرین اور ہنرمند نوجوان اپنے مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے ملک چھوڑنے پر مجبور ہیں۔ روزگار کے مواقع نہ ملنے سے پیدا ہونے والے اس المیے کے پیچھے وہ وعدے ہیں جو ایوانوں سے باہر تو گونجتے ہیں مگر حقیقت کے میدان میں ناپید نظر آتے ہیں۔ معاشی ماہرین کا ماننا ہے کہ صرف کھوکھلے سیاسی وعدوں، عارضی پیکجز اور نعروں سے بے روزگاری کا خاتمہ ناممکن ہے۔ معاشی پائیداری، غیر ملکی سرمایہ کاری کی جذبیت، نجی شعبے کی سرپرستی اور آئی ٹی اور تکنیکی تعلیم کے جدید خطوط پر استوار سٹرکچر کی تعمیر ہی اس بحران کا واحد حل ہے۔ جب تک دیرپا معاشی پالیسیوں کے ذریعے صنعت و حرفت کو آزادی اور فروغ نہیں دیا جاتا، روزگار کے وعدے محض کاغذی نعرے رہیں گے اور بے روزگاری کا ریکارڈ ہر گزرتے دن کے ساتھ مزید ہولناک روپ دھارتا رہے گا

☆☆☆☆☆

☆☆

کیا ہم وینٹی لیٹر پر زندہ ہیں

ہر سو ہے تماشہ
عامر نعمان

کیا ہم ایک ایسے معاشرے کی بنیاد رکھ چکے ہیں، جو کلی طور پر ایک بے حس معاشرے کی عملی تصویر بن چکا ہے؟ کیا اب ہم ایک ایسے کومہ کے مریض کا روپ دھار چکے ہیں، جو دیکھ بھی سکتا ہے، سن بھی سکتا ہے، لیکن کہہ کچھ نہیں سکتا، کر کچھ نہیں سکتا؟ یا پھر ہم ایک ایسے وینٹی لیٹر پر موجود مریض جیسے ہو گئے ہیں، جس کو صرف مصنوعی آکسیجن سے زندہ رکھا گیا ہو۔ جو کچھ بھی کرنے سے قاصر ہو۔

ہمارا موجودہ معاشرہ ہر نیا زخم لگنے پر درد تو محسوس کرتا ہے، لیکن پھر کچھ ہی ایام میں اس درد کا عادی ہو جاتا ہے۔ یوں یہ معاشرہ کوئی بھی نیا زخم لگنے تک کچھ کہنے، اور سمجھنے سے یکسر قاصر ہو جاتا ہے۔ ایک سنہرا دور تھا جب پٹرول کے سالانہ نرخ مقرر ہوا کرتے تھے، پھر ماہانہ نرخ مقرر کئے جانے لگے، پھر پندرہ روزہ ہوئے، اب روزانہ کی بنیاد پر نرخ مقرر کئے جا رہے ہیں۔ یوں رفتہ رفتہ قوم اس ظلم کو سہنے کی عادی ہوتی چلی گئی۔ روزانہ نرخ مقرر ہونے کے اعلان پر بھی بس چند دن کی سسکیاں ہی سنائی دی گئیں، پھر اس کے بعد یوں خاموشی ہوگئی، جیسے کینسر کا مریض تھک ہار کر اپنی بیماری، اپنے درد سے سمجھوتہ کر لے۔ کچھ سیاسی جماعتوں نے عوامی ہمدردی کے نام پر چند دن نعرے لگا کر اپنا ووٹ بنک بڑھانے کی کوشش اگر کی بھی تھی؛ تو وہ جدوجہد اخبارات اور میڈیا تک محدود رہ کر اپنی موت آپ ہی مر گئی ہے۔ عوام کی بنیادی ضروریات پر ہوئے اس ڈاکے کو روکنے کے کوئی عملی اقدامات چوک، چوراہوں پر نظر نہیں آئے۔ یوں اس جبر کو چپ چاپ سہتی عوام کی خاموشی کو ان بے حس حکمرانوں نے رضامندی سمجھ کر اس کا بھرپور اطلاق کر دیا۔ کچھ دن میں عوام بھی یوں بے حس ہوگئی ہے، کہ اب عوام نے روز کا نرخ پوچھنا بھی چھوڑ دیا ہے۔ بس پہیہ گھوم رہا ہے۔ مہنگائی کا تدارک کیسے ہو رہا ہے، اس کا اندازہ روز مرہ جرائم میں اضافے سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔ کچھ بندوق دکھا کر لوٹ رہے ہیں، کچھ ذخیرہ اندوزی کر کے پورا کر رہے ہیں، کچھ مہنگائی کو ہی اس کا حل سمجھ رہے ہیں۔ سو اس بے حس معاشرے نے حکومت کی طرف سے دیئے گئے اس زخم کو بھی ایوارڈ کی طرح خوش دلی سے قبول کر لیا ہے۔ ایک دوسرے کے لئے حیات تنگ کرنے کے طریقے پر عمل کر کے۔

اسی طرح آئے دن حادثات میں زندگی سے محروم ہوتے افراد کی خبریں روزانہ کا معمول بن چکی ہیں۔ جس علاقے میں حادثہ ہوتا ہے وہاں شاید ایک دو دن چہ میگوئیاں سنائی دے جائیں، مگر ملک کے دیگر حصوں میں صرف خاموشی کا ہی راج نظر آتا ہے۔ کسی ایک علاقے میں ہوئے حادثے پر پورے ملک کی خاموشی اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ دل ایک ساتھ نہیں دھڑک رہے۔ ایک کا درد دوسرے کو محسوس نہیں ہو پا رہا۔ ان واقعات کا بھی چند دن میڈیا پر بیٹھ کر تذکرہ کرنا، اور پھر نیا واقعہ رونما ہونے پر پچھلے واقعہ کو بھلا دینا بھی اب معمول کا حصہ بن چکا ہے۔ ایک طرف ہمیں نظر آتا ہے، پمز میں چودہ معصوم کلیوں کا جل کر خاک ہو جانا، روزمرہ ٹریفک حادثات میں شہریوں کا جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا، بنک ڈکیتیاں، غیر محفوظ شاہراہیں، موٹر سائیکل چھین لینا، چوریاں، قتل و غارت گری کے واقعات کا تسلسل؛ تو دوسری طرف ہمیں قوم کسی کومے کی مریض کی طرح سب کچھ اپنی آنکھوں سے دیکھ کر چپ سادھے خاموش نظر آتی ہے۔ وہ ایسے خاموش ہے جیسے ان واقعات سے ان کا کوئی تعلق ہی نہ ہو۔ جیسے یہ سب صرف دوسروں کے ساتھ ہونا ہی مقدر ہے۔

زندگی کی ہر شعبے میں گراف اوپر کے بجائے نیچے کی طرف جاتے دیکھ کر بھی عام آدمی سے حکمران تک سب خاموش ہیں۔ کھیل کے میدانوں سے آتی ناکامیوں کی خبروں پر بھی ہم یوں دم سادھے بیٹھے ہیں، جیسے ہم کسی پسماندہ ملک سے تعلق رکھنے والی قوم ہیں؛ جہاں ناکافی سہولیات کی وجہ سے ہماری جیت کا کوئی امکان ہی نہیں ہے۔ ان تمام شرمناک شکستوں پر بھی کوئی احتساب نہیں ہو رہا ہے، سزاؤں کا تصور موجود ہی نہیں ہے، اور عوام بھی اسی پر راضی ہوتی جا رہی ہے۔ کیا ناکامیاں ہی ہمارا مقدر رہ گیا ہے؟

ہم نے ایک ایسے بے حس معاشرے کا خواب تو کبھی نہیں دیکھا تھا۔ ہمارے خوابوں میں تو ایک ترقی یافتہ، پرامن پاکستان ہے۔ وہ پاکستان جو ہم آنے والی نسلوں کو سونپتے ہوئے فخر سے کہہ سکیں: "یہ ہے وہ پاکستان جس کا خواب ہمارے بزرگوں نے دیکھا تھا، اور جس کی عملی تعبیر ایک روشن پاکستان کی صورت ہم نئی نسل کو سونپ رہے ہیں۔" سوچیئے، جب نئی نسل پوچھے گی: "کہاں ہے وہ روشن پاکستان؟" تو کیا جواب دے سکیں گے؟

☆☆☆☆

☆☆

منظر نامہ

بلوچستان کا سمندر لٹ رہا ہے

تحریر: زبیر بلوچ

بلوچستان کا وسیع ساحل صرف نیلے پانیوں کا ایک پھیلا ہوا سلسلہ نہیں بلکہ ہزاروں غریب ساحلی خاندانوں کی زندگی ان کے بچوں کی تعلیم گھروں کے چولہے اور نسلوں سے چلے آنے والے روزگار کا واحد سہارا ہے مگر آج یہی سمندر غیر قانونی ٹرالنگ، ممنوعہ وائر نیٹ، گجہ، باریک جال، سمندری آلودگی اور سمندری وسائل کے بے دریغ استحصال کے باعث تباہی کے خطرناک مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔ بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں رہنے والا چھوٹا ماہی گیر صبح سویرے اپنی معمولی کشتی اور جال لے کر سمندر میں اترتا ہے کئی کئی گھنٹے لہروں سے لڑتا ہے اور اس امید پر گھر سے نکلتا ہے کہ آج اتنی مچھلی ضرور مل جائے گی جس سے بچوں کے لیے راشن گھر کا خرچ اور ان کی تعلیم کا بندوبست ہو سکے مگر افسوس کہ آج یہی غریب ماہی گیر مچھلی کی کمی کے ساتھ ساتھ بڑے ٹرالرز ممنوعہ جال اور طاقتور کشتیوں کے باعث اپنے روزگار اور جان دونوں کے خطرے سے دوچار ہے۔ ایک طرف بڑے ٹرالر سمندر کی تہہ تک جال گھسیٹ کر مچھلی کے قدرتی ذخائر کو تباہ کر رہے ہیں تو دوسری طرف وائر نیٹ گجہ اور باریک جال چھوٹی اور کم عمر مچھلی سمیت سمندری حیات کی بڑی مقدار کو ختم کر رہے ہیں جبکہ سمندری آلودگی، کچرے، گندے پانی اور دیگر انسانی سرگرمیوں نے ساحلی ماحول کے مسائل میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ لیکن اس پورے بحران کا سب سے زیادہ بوجھ اسی چھوٹے ماہی گیر پر پڑ رہا ہے جس کے پاس نہ متبادل روزگار ہے نہ بڑے کاروبار کے وسائل اور نہ ہی اتنی مالی طاقت کہ وہ بار بار اپنا جال اور کشتی مرمت کروا سکے۔ ماہی گیروں کی ایک بڑی شکایت یہ بھی ہے کہ بعض بڑی بیرونی کشتیاں اور ٹرالرز چھوٹی مقامی کشتیوں کے قریب آ کر ان کے لیے مشکلات پیدا کرتے ہیں بعض مواقع پر مبینہ طور پر پتھراؤ کیا جاتا ہے دھمکایا جاتا ہے ان کے جال کاٹ دیے جاتے ہیں یا جال کاٹ کر ساتھ لے جائے جاتے ہیں جس سے غریب ماہی گیر کو ہزاروں روپے بلکہ بعض اوقات لاکھوں روپے کا نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے۔ جس جال کو ایک غریب ماہی گیر اپنی جمع پونجی خرچ کر کے خریدتا ہے وہ اس کے لیے صرف جال نہیں ہوتا بلکہ اس کے بچوں کی فیس، گھر کا راشن، بجلی کا بل، کشتی کا ایندھن اور پورے خاندان کی امید ہوتا ہے۔ اگر کوئی بڑی کشتی اس جال کو کاٹ کر لے جائے تو ماہی گیر کے لیے نیا جال خریدنا آسان نہیں ہوتا اور وہ قرض لینے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ ایک جال کے نقصان سے صرف ایک دن کی آمدن ختم نہیں ہوتی بلکہ کئی دنوں اور بعض اوقات کئی ہفتوں کا روزگار متاثر ہو جاتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر ایک چھوٹی کشتی کا ماہی گیر سمندر میں اپنی روزی تلاش کرنے کے لیے نکلتا ہے تو اسے اپنی جان اور جال کے تحفظ کی فکر کیوں ہونی چاہیے؟ کیا سمندر میں طاقتور کشتی کے سامنے چھوٹی کشتی بے بس رہے گی؟ کیا قانون صرف غریب ماہی گیر کے لیے ہے؟ اگر کسی بڑی کشتی کی جانب سے چھوٹی کشتی کے ماہی گیروں کو مبینہ طور پر پتھراؤ، دھمکی، جال کاٹنے یا نقصان پہنچانے کی شکایت سامنے آتی ہے تو اس کی فوری اور غیر جانبدارانہ تحقیقات ہونی چاہیے اور ثابت ہونے کی صورت میں ذمہ داروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی ہونی چاہیے۔ بلوچستان کے ساحلی ماہی گیر پہلے ہی کئی مشکلات میں گھرے ہوئے ہیں۔ انہیں مناسب جیٹیوں کی کمی برف اور کولڈ اسٹوریج کی سہولیات کا فقدان مچھلی کی مناسب مارکیٹ نہ ہونا کم قیمت پر مچھلی فروخت کرنے کی مجبوری کشتیوں کی مرمت کے مسائل مہنگا ایندھن مہنگے جال صاف پانی کی عدم دستیابی صحت اور تعلیم کی بنیادی سہولیات کی کمی اور متبادل روزگار نہ ہونے جیسے مسائل کا سامنا ہے۔ کئی ماہی گیر اپنی کشتی یا جال کے لیے قرض لیتے ہیں اور پھر پورا سال سمندر میں محنت کر کے قرض اتارتے ہیں ایسے میں اگر غیر قانونی ٹرالنگ یا کسی بڑی کشتی کی وجہ سے ان کا جال تباہ ہو جائے تو پورا خاندان معاشی بحران کا شکار ہو جاتا ہے۔ ساحلی علاقوں میں مچھلی کی مناسب قیمت نہ ملنا بھی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ ماہی گیر سمندر سے مچھلی پکڑ کر لاتا ہے لیکن اسے فوری طور پر فروخت کرنا پڑتی ہے کیونکہ اس کے پاس مچھلی محفوظ رکھنے کے لیے کولڈ اسٹوریج یا مناسب برف کی سہولت نہیں ہوتی نتیجتاً بعض اوقات اسے اپنی محنت کی مچھلی کم قیمت پر بیچنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے۔ دوسری جانب ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ چھوٹے ماہی گیر کے لیے سمندر میں جانا مزید مشکل بنا دیتا ہے کیونکہ کشتی کا ایندھن جال کی مرمت کشتی کی دیکھ بھال اور دیگر اخراجات نکالنے کے بعد اس کے ہاتھ میں بہت کم رقم بچتی ہے۔ ڈام، سونمیانی، میانی ہور، کنڈ ملیر، گڈانی، اورماڑہ، پسنی، گوادر اور جیوانی تک ساحلی آبادیوں کی ایک بڑی تعداد کا معاشی انحصار سمندر سے وابستہ ہے مگر ترقیاتی منصوبوں ساحلی سرمایہ کاری اور سرکاری اعلانات کے باوجود مقامی ماہی گیر آج بھی اپنے بنیادی مسائل کے حل کے منتظر دکھائی دیتے ہیں۔ انہیں محفوظ فشنگ زونز، جدید جیٹیاں، کشتیوں کے لیے محفوظ مقامات، برف اور کولڈ اسٹوریج، مچھلی کی مناسب مارکیٹ، جال اور کشتیوں کی مرمت کی سہولیات، صحت، تعلیم اور پینے کے صاف پانی سمیت بنیادی سہولیات کی ضرورت ہے۔ اگر حکومت واقعی ساحلی معیشت کو مضبوط بنانا چاہتی ہے تو اسے سب سے پہلے مقامی ماہی گیر کو تحفظ اور سہولت دینا ہوگی۔ وائر نیٹ گجہ اور باریک جال کا سب سے خطرناک پہلو یہ ہے کہ ان میں صرف بڑی مچھلی ہی نہیں بلکہ چھوٹی اور کم عمر مچھلی بھی بڑی تعداد میں پھنس جاتی ہے جس سے مچھلی کی آئندہ نسل متاثر ہوتی ہے۔ آج ایک چھوٹی مچھلی کو پکڑنا معمولی بات محسوس ہو سکتی ہے لیکن یہی مچھلی کل بڑی ہو کر ماہی گیر کے روزگار کا ذریعہ بنتی تھی۔ اگر افزائش سے پہلے ہی بڑی تعداد میں مچھلیاں جالوں کی نذر ہوتی رہیں تو آنے والے دنوں میں سمندر مزید خالی اور ماہی گیر مزید غریب ہو سکتا ہے۔ اسی طرح سمندری آلودگی بھی ایک خاموش خطرہ ہے۔ کچرا، پلاسٹک، گندا پانی اور دیگر آلودہ مواد سمندر میں جانے سے نہ صرف سمندری حیات متاثر ہوتی ہے بلکہ ماہی گیروں کے جال بھی خراب ہوتے ہیں اور مچھلی کے قدرتی مسکن تباہ ہوتے ہیں۔ بلوچستان کے ساحل پر ایک طرف سمندری وسائل کا بے دریغ استعمال جاری ہے تو دوسری طرف وہی وسائل جن پر ہزاروں خاندانوں کا انحصار ہے تیزی سے کم ہونے کا خدشہ بڑھ رہا ہے۔ بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں سندھ سے آنے والے بعض ٹرالرز اور دیگر بیرونی کشتیوں کی جانب سے غیر قانونی شکار کی شکایات بھی سامنے آتی رہی ہیں تاہم سندھ سے تعلق رکھنے والے ہر ماہی گیر کو غیر قانونی قرار دینا درست نہیں۔ اصل مسئلہ غیر قانونی سرگرمی ہے۔ جو بھی کشتی بلوچستان کے پانیوں میں قانون کی خلاف ورزی کرے ممنوعہ جال استعمال کرے غیر قانونی ٹرالنگ کرے یا مقامی ماہی گیروں کے روزگار اور املاک کو نقصان پہنچائے اس کے خلاف بلاامتیاز کارروائی ہونی چاہیے چاہے اس کا تعلق بلوچستان سے ہو سندھ سے یا کسی بھی دوسرے علاقے سے۔ قانون سب کے لیے برابر ہونا چاہیے۔ ماہی گیر یہ سوال پوچھنے میں حق بجانب ہیں کہ اگر ایک چھوٹا ماہی گیر معمولی خلاف ورزی پر قانون کی گرفت میں آسکتا ہے تو بڑے ٹرالرز کے خلاف وہی قانون پوری طاقت سے کیوں حرکت میں نہیں آتا؟ اگر ممنوعہ جال پر پابندی ہے تو یہ جال سمندر میں کیسے پہنچتے ہیں؟ اگر ٹرالنگ ممنوع ہے تو ساحلی علاقوں میں بڑے ٹرالرز کی موجودگی کیسے ممکن ہوتی ہے؟ اگر نگرانی کا نظام موجود ہے تو چھوٹی کشتیوں کے جال کاٹے جانے اور ماہی گیروں کو نقصان پہنچانے کی شکایات بار بار کیوں سامنے آتی ہیں؟ محکمہ فشریز کی ذمہ داری صرف لائسنس جاری کرنے کاغذات چیک کرنے یا کارروائی کی پریس ریلیز جاری کرنے تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ سمندر میں عملی نگرانی ٹرالرز کی سخت چیکنگ ممنوعہ جال کے خلاف مستقل کریک ڈاؤن فشنگ زونز کی نگرانی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی بھی ضروری ہے۔ ماہی گیروں کی شکایات کے ازالے کے لیے ایسا موثر نظام ہونا چاہیے جہاں جال کاٹنے کشتی کو نقصان پہنچانے یا دھمکانے جیسے واقعات کی فوری رپورٹ درج ہو تحقیقات کی جائیں اور متاثرہ ماہی گیر کو انصاف مل سکے۔ حکومت بلوچستان کو چاہیے کہ ساحلی علاقوں میں مستقل مانیٹرنگ کا موثر نظام قائم کرے جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ٹرالرز کی نقل و حرکت کی نگرانی کرے ممنوعہ جال کے استعمال کو روکے چھوٹی کشتیوں کے لیے محفوظ فشنگ زونز مختص کرے افزائش نسل کے علاقوں کو محفوظ بنائے سمندری آلودگی کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات کرے اور مقامی ماہی گیروں کو بنیادی سہولیات فراہم کرے۔ ماہی گیروں کو سستی یا آسان شرائط پر جال، کشتیوں کی مرمت، برف، کولڈ اسٹوریج اور مارکیٹ تک رسائی کی سہولیات فراہم کی جائیں تا کہ وہ اپنی محنت کا مناسب معاوضہ حاصل کر سکیں۔ ساتھ ہی سمندر میں کام کرنے والے ماہی گیروں کے لیے حفاظتی تربیت ہنگامی رابطے اور ریسکیو سہولیات بھی بہتر بنائی جائیں تا کہ کسی حادثے یا بڑے ٹرالر کے ساتھ تصادم کی صورت میں فوری مدد پہنچ سکے۔ بلوچستان کا ساحل صرف بڑے منصوبوں بندرگاہوں اور سرمایہ کاری کا نام نہیں اس ساحل کی اصل روح وہ غریب ماہی گیر ہے جو نسلوں سے سمندر کی لہروں میں اپنی زندگی گزار رہا ہے۔ اگر اسی ماہی گیر کا جال محفوظ نہیں اس کی کشتی محفوظ نہیں اس کی جان محفوظ نہیں اور اس کے بچوں کا مستقبل محفوظ نہیں تو ساحلی ترقی کے دعوے ادھورے رہیں گے۔ سمندر کو بچانے کا مطلب صرف مچھلی کو بچانا نہیں بلکہ ایک پورے معاشرے اس کے روزگار ثقافت اور مستقبل کو بچانا ہے۔ اگر آج غیر قانونی ٹرالنگ، وائر نیٹ، گجہ، باریک جال، سمندری آلودگی اور چھوٹی کشتیوں کے ماہی گیروں کو درپیش مسائل کے خلاف فیصلہ کن اقدامات نہ کیے گئے تو کل مچھلی کے ذخائر مزید کم ہو سکتے ہیں اور ہزاروں ساحلی خاندان معاشی مشکلات کی دلدل میں دھنس سکتے ہیں۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ کاغذی دعووں کے بجائے سمندر میں عملی کارروائی نظر آئے بڑے اور چھوٹے سب کے لیے قانون برابر ہو غیر قانونی ٹرالنگ کا خاتمہ کیا جائے ممنوعہ جال ختم کیے جائیں چھوٹی کشتیوں کے جال اور ماہی گیروں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے سمندری آلودگی پر قابو پایا جائے اور ساحلی آبادیوں کو وہ بنیادی سہولیات دی جائیں جن کی وہ دہائیوں سے منتظر ہیں۔ کیونکہ جس سمندر نے نسلوں سے بلوچستان کے ماہی گیروں کے گھروں کے چولہے جلائے ہیں اگر وہ چند طاقتور عناصر کے ہاتھوں لٹتا رہا تو ایک دن نقصان صرف سمندر اور مچھلی کا نہیں ہوگا بلکہ بلوچستان کے ہزاروں ساحلی خاندانوں کے مستقبل کا ہوگا۔

☆☆☆☆



بقیہ 1

تھے۔وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کوئٹہ، ژوب اور ڈیرہ اسماعیل خان قومی شاہراہ کے ڈوئل کیریج وے منصوبے کو انتہائی تیز رفتار بنیادوں پر مکمل کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔گورنر بلوچستان نے اس پیش رفت کو صوبے کی ترقی اور قومی معیشت کیلئے ایک اہم اور لائق تحسین اقدام قرار دیا۔گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ اس اہم شاہراہ کی تکمیل سے بلوچستان کے عوام کو ملک کے دیگر صوبوں کی بڑی تجارتی منڈیوں تک تیز، محفوظ اور آسان رسائی حاصل ہوگی جبکہ مسافروں کو جدید سفری سہولیات میسر آئیں گی۔انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہوں کا جدید نیٹ ورک صرف فاصلے کم نہیں کرتا بلکہ تجارت، روزگار اور سرمایہ کاری کے نئے راستے بھی کھولتا ہے۔ گورنر بلوچستان نے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی جانب سے ژوب بائی پاس کی جلد تکمیل کیلئے فوری طور پر فنڈز کا بندوبست کرنے پر ان کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور اس اقدام کو بلوچستان بھر کے عوام کیلئے خوش آئند قرار دیا۔انہوں نے کہا کہ کوئٹہ، ژوب اور ڈیرہ اسماعیل خان ڈوئل کیریج وے کی ہنگامی بنیادوں پر تکمیل کا عوام دوست فیصلہ اور ژوب بائی پاس کیلئے فوری فنڈز کا بندوبست اس امر کا مظہر ہے کہ وفاقی سطح پر بلوچستان کی بنیادی ڈھانچے کی ضروریات کو اہمیت دی جا رہی ہے۔گورنر مندوخیل نے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان اور ان کی پوری ٹیم کی ذاتی دلچسپی اور عملی اقدامات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مضبوط مواصلاتی رابطے ہی بلوچستان کو قومی معیشت، خطے کی تجارت اور سینٹرل و جنوبی ایشیا کی بڑی منڈیوں سے موثر طور پر جوڑنے کی بنیاد بن سکتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے امید ظاہر کی کہ ان منصوبوں کی بروقت تکمیل سے بلوچستان میں معاشی سرگرمیوں کو نئی رفتار ملے گی، تجارت کے حجم میں اضافہ ہوگا اور صوبے کے عوام کیلئے ترقی اور خوشحالی کے نئے امکانات پیدا ہونگے۔

بقیہ 2

سرحدی انتظام یقینی بنانے اور اپنی بین الاقوامی ذمے داریوں کو پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔آئی ایس پی آر نے واضح کیا کہ سیکیورٹی فورسز ملکی سرحدوں کے دفاع کے لیے پرعزم ہیں، غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی ختم کرنے کیلئے انسدادِ دہشت گردی مہم جاری رہے گی۔

بقیہ 3

ہیں انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر پاکستان کے امن، استحکام اور ترقی کو نقصان پہنچانے کے مذموم عزائم رکھتے ہیں، تاہم ریاستی ادارے اور پاکستانی قوم ان کے عزائم کو ناکام بنانے کے لیے متحد ہیں۔دہشت گردی کے خلاف جنگ کسی ایک ادارے یا صوبے کی جنگ نہیں بلکہ پوری قوم کی جنگ ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود کی برآمدگی ان کے مذموم عزائم اور پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے منصوبوں کو مزید بے نقاب کرتی ہے۔غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے موثر اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے شمار قربانیاں دی ہیں، ہمارے سیکیورٹی اہلکاروں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور شہریوں نے اپنے خون سے امن کی بنیاد مضبوط کی ہے۔قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی انہوں نے کہا کہ عزم استحکام کے تحت دہشت گردوں، ان کے سہولت کاروں اور معاونت کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی یہی ملک میں پائیدار امن کی ضمانت ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستان کی سرزمین پر کسی بھی دہشت گرد گروہ کو امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جاسکتی

بقیہ 4

جنرل اسمبلی نے پاکستان کی پیش کردہ معاون ٹیکنالوجی تک رسائی کے موضوع پر پہلی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی۔یہ قرارداد، بالخصوص ترقی پذیر ممالک میں، زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے والی معاون مصنوعات، آلات اور متعلقہ خدمات کو زیادہ قابل رسائی اور کم لاگت بنانے کی عالمی کوششوں میں ایک اہم پیش رفت ہے۔قرارداد کی منظوری کے بعد اپنے خطاب میں اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب، سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ دنیا بھر میں تقریبا 2.5 ارب افراد کو ایک یا ایک سے زیادہ معاون مصنوعات، آلات یا متعلقہ خدمات کی ضرورت ہے، تاہم لاکھوں افراد اب بھی ان تک مناسب رسائی سے محروم ہیں۔اس کی بڑی وجوہات میں استطاعت سے باہر لاگت، دستیابی کے مسائل، ٹیکنالوجی تک محدود رسائی، ناکافی بنیادی ڈھانچہ اور خدمات، اور تربیت یافتہ افرادی قوت کی کمی شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ معاون ٹیکنالوجی میں ایسی مصنوعات اور خدمات شامل ہیں جو روزمرہ زندگی میں نمایاں تبدیلی لانے کی صلاحیت رکھتی ہیں جن میں وہیل چیئرز، مصنوعی اعضا اور سماعت کے آلات سے لے کر مواصلاتی آلات، اسکرین ریڈرز اور دیگر ڈیجیٹل حل شامل ہیں۔یہ ٹیکنالوجیز ایک بچے کو اسکول جانے، ایک بالغ فرد کو روزگار اختیار کرنے، ایک بزرگ شخص کو خودمختاری برقرار رکھنے، اور معذوری یا ہنگامی حالات کے حامل افراد کو معاشرے میں زیادہ بھرپور شرکت کے قابل بنا سکتی ہیں۔سفیر عاصم افتخار احمد نے زور دیا کہ یہ محض مصنوعات یا آلات کا معاملہ نہیں بلکہ انحصار اور خودمختاری، محرومی اور شمولیت، صلاحیت اور مواقع کے درمیان پل کا کردار ادا کرتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ قرارداد معاون ٹیکنالوجی تک رسائی کو ترقی اور شمولیت کے وسیع تر ایجنڈے کا حصہ بناتی ہے

بقیہ 5

قومی رحمت اللعالمین وخاتم النبیین اتھارٹی کے زیراہتمام تقریبات ربیع الاول کے سلسلے میں ایک روزہ سیمینار سیرت کا پیغام، نوجوانوں کے نام سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب نبی کریم ﷺ کی ذات اقدس کا ذکر نہایت شان و عظمت کے ساتھ فرمایا ہے۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو بے شمار معجزات عطا فرمائے جن میں قرآن مجید سب سے عظیم معجزہ ہے، نبی کریم ﷺ تخلیق کائنات، رحمت اللعالمین اور خاتم النبیین ہیں۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کو تمام انسانوں، تمام کائنات اور تمام عالمین کیلئے رحمت بنا کر بھیجا، اگر ہم مشاہدہ کریں تو غیر مسلموں نے بھی نبی کریم ﷺ کی ذات اقدس کے حوالے سے تحریریں لکھی ہیں اور اشعار کہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مارٹن لنگز کی کتاب اس کی ایک بہترین مثال ہے جبکہ برصغیر کے ایک سکھ شاعر نے بھی نبی کریم ﷺ کی ذات اقدس کے بارے میں ایسے اشعار کہے جو ہمیشہ کیلئے تاریخ کا حصہ بن گئے

بقیہ 6

کی جس میں پاکستان کی آئندہ کثیرالجہتی سفارتی سرگرمیوں بشمول اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔دفتر خارجہ کے مطابق وزارت خارجہ کے خصوصی سیکرٹری برائے اقوام متحدہ نے نائب وزیراعظم کو آئندہ سرگرمیوں کی تیاریوں اور اہم امور کے بارے میں بریفنگ دی۔

بقیہ 7

کی تجاویز پر غور کر رہے ہیں جبکہ امریکی محکمہ دفاع نے مشرق وسطی میں فوجی تعیناتیوں کو مزید بڑھانے کا فیصلہ کیا ہے۔امریکی اخبار کے مطابق ٹرمپ نے اپنے سینئر معاونین کے ساتھ اس امکان پر بات کی ہے کہ آیا ایران کے ساتھ جنگ کو ختم کرنے کا اعلان کیا جائے۔رپورٹ کے مطابق امریکی صدر اس اقدام کے حق میں ہیں اور سمجھتے ہیں کہ ایران پر مسلسل شدید معاشی دباؤ ڈالنے سے تہران کو اپنا جوہری پروگرام ختم کرنے یا معاشی طور پر شدید بحران کا سامنا کرنے پر مجبور کیا جاسکتا ہے۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ امریکا نے گزشتہ ہفتے آپریشن اکنامک آٹ کاسٹ شروع کیا جس کے تحت ایران کے تیل، بحری تجارت، ہوا بازی، سونا، ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل اثاثوں کے شعبے شامل ہیں۔

بقیہ 8

اسلامک یونیورسٹی کے شعبہ علوم اسلامیہ کے زیراہتمام دوسری بین الاقوامی سیرت کانفرنس 2026 کے اسلام آباد سیشن سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔کانفرنس کا موضوع "عصر حاضر میں نوجوانوں کو درپیش تعلیمی، معاشی اور سماجی چیلنجز اور سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں ان کا حل تھا۔قائم مقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرتِ مبارکہ پوری انسانیت کے لئے رحمت، امن، محبت، مساوات، عدل اور رواداری کا عملی نمونہ ہے، دنیا نے سائنس، ٹیکنالوجی اور مادی ترقی میں بے مثال کامیابیاں حاصل کی ہیں تاہم انسان آج بھی بے چینی، نفرت، تعصب اور عدم تحفظ جیسے مسائل کا شکار ہے، ایسے حالات میں سیرتِ طیبہ ﷺ ہی وہ روشن راستہ ہے جو انسانیت کو امن، محبت اور باہمی احترام کا درس دیتا ہے۔سیدال خان ناصر نے کہا کہ آج دنیا میں بقائے باہمی، رواداری اور مذہبی ہم آہنگی کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ ہے، میثاقِ مدینہ مختلف مذاہب اور طبقات کے درمیان امن، باہمی احترام، حقوق کے تحفظ اور ذمہ داریوں کی ادائیگی کا تاریخی نمونہ ہے، فتح مکہ کے موقع پر رسول اکرم ﷺ کا بے مثال عفوودرگزر بھی پوری انسانیت کے لئے عظیم مثال ہے

بقیہ 9

کے فروغ، ڈیجیٹل تعلیم، استعدادِ کار میں اضافے اور نوجوانوں کی اخلاقی و کردار سازی کے حوالے سے تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا جس کا مقصد ملک کے نوجوانوں کے لئے مزید بہتر مواقع پیدا کرنا ہے۔دستخط کی تقریب میں وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے شرکت کی جس میں وزیراعظم یوتھ پروگرام اور ایزی مرو کاروٹ سسٹر کے کنسورشیم کے نمائندگان موجود تھے۔یہ شراکت داری مستقبل میں نوجوانوں کے لئے مشترکہ پروگرامز اور سرگرمیوں کے آغاز کے لئے ایک باہمی فریم ورک فراہم کرے گی

بقیہ 10

عوام کو صحت عامہ کی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے صحت کے شعبے میں اصلاحات کے عمل کو تیز تر کیا جائے۔اجلاس میں مجوزہ جناح میڈیکل کمپلیکس و ریسرچ سینٹر کی عمارت کی تعمیر کے حوالے سے مختلف تعمیراتی ڈیزائن اور تجاویز پیش کی گئیں اجلاس کو پولی کلینک فیز 2 ایکسٹینشن کی تعمیر میں پیشرفت پر بھی بریفنگ دی گئی۔اجلاس میں سیکٹر جی 11 میں زیر تعمیر فیڈرل گورنمنٹ پولی کلینک ایکسٹینشن کو جناح میڈیکل کمپلیکس کے پہلے فیز کے طور پر شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا، اس فیصلے کا مقصد ہسپتال کو جلد فعال کرنا اور شہریوں کو صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے۔وزیراعظم نے جناح میڈیکل کمپلیکس کے پہلے فیز کو مارچ 2027 تک مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 11

کرتے ہوئے کاٹز نے کہا کہ غزہ کے مسئلے کا مستقل حل فلسطینیوں کی نقل مکانی کے بغیر ممکن نہیں۔ان کے مطابق اسرائیلی حکومت فلسطینیوں کو غزہ سے نکالنے کے لیے سمندری، فضائی اور دیگر راستوں سے کارروائی کرنے کی تیاری رکھتی ہے۔اسرائیلی وزیر دفاع نے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے غزہ کے فلسطینیوں کو دوسری جگہ منتقل کرنے کی تجویز ختم نہیں ہوئی بلکہ اس پر اب بھی غور جاری ہے۔ان کے مطابق اس منصوبے پر عمل درآمد کے لیے امریکا کی منظوری ضروری ہوگی۔کاٹز نے دعوی کیا کہ غزہ کی بڑی تعداد میں آبادی وہاں سے نکلنا چاہتی ہے، تاہم حماس انہیں ایسا کرنے سے روک رہی ہے۔تاہم انہوں نے اس دعوے کے حق میں کوئی ثبوت پیش نہیں کیا۔

بقیہ 12

میں جاں بحق ہونے والے افراد کی یاد کے حوالے سے تعزیتی کتاب میں اپنے تاثرات درج کیے۔وزیراعظم کا نیپال کی سفیر ریٹا دھیتال نے سفارتخانے پہنچنے پر استقبال کیا۔وزیراعظم کے ہمراہ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطااللہ تارڑ، معاون خصوصی سید طارق فاطمی، سیکرٹری خارجہ سفیر آمنہ بلوچ اور دیگر اعلیٰ حکام بھی تھے۔اپنے تعزیتی پیغام میں وزیراعظم نے حکومتِ پاکستان اور پاکستانی عوام کی جانب سے حکومت اور نیپال کی عوام، بالخصوص اس سانحے میں اپنے پیاروں سے محروم ہونے والے سوگوار خاندانوں کے ساتھ گہری ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔وزیراعظم نے نیپال کے وزیراعظم بالندر شاہ سے ٹیلی فون پر ہوئی حالیہ گفتگو میں اپنے جذبات کا اعادہ کرتے ہوئے اس امر کی یقین دہانی کرائی کہ پاکستان اس دکھ کی گھڑی میں نیپال کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔وزیراعظم نے نیپالی سفیر کو آگاہ کیا کہ پاکستان رواں ہفتے کے اواخر میں نیپال کے لیے ہنگامی امدادی سامان روانہ کرے گا تاکہ وہاں جاری امداد و بحالی کی کارروائیوں میں معاونت فراہم کی جا سکے۔وزیراعظم نے نیپال کے لیے پاکستان کی مسلسل حمایت کا اعادہ کیا اور امید ظاہر کی کہ نیپال کے باہمت عوام اس سانحے سے مزید مضبوط ہو کر ابھریں گے

بقیہ 13

۔ترکیہ کی وزارت ٹرانسپورٹ کے مطابق خالی آئل ٹینکر ALSU کی علی الصبح کارگو جہاز سے ٹکر ہوگئی۔حادثے کے بعد اسٹیل کی رولز لے جانے والا کارگو جہاز تیزی سے ڈوب گیا۔حکام کے مطابق حادثہ استنبول کے مغربی ضلع سیلیوری سے تقریبا 18 بحری میل دور پیش آیا۔ترکیہ کے وزیر ٹرانسپورٹ عبدالقادر اورال اوغلو نے بتایا کہ جہاز کو صبح 3 بج کر 26 منٹ پر ہنگامی کال موصول ہوئی، جبکہ حادثے کا وقت تقریبا 3 بج کر 15 منٹ بتایا گیا، یعنی جہاز صرف 11 منٹ میں ڈوب گیا۔وزیر ٹرانسپورٹ کے مطابق ریسکیو ٹیموں کو لائف بوائز اور ایک لائف بوٹ نظر آئی، تاہم وہ خالی تھی اور اب تک کسی شخص کو زندہ تلاش نہیں کیا جاسکا۔

بقیہ 14

منعقد ہوا جس میں بی این پی عوامی کے رکن میر اسداللہ بلوچ نے پنجگور، خضدار، دالبندین اور ژوب سے اندرون صوبہ اور ملک پروازیں چلانے ، جے یو آئی (ف) کے اصغر علی ترین نے سندھ میں پشتون تاجروں کے خلاف کارروائیوں کی تحقیقات، حق دو تحریک کے مولانا ہدایت الرحمٰن نے صوبے میں منشیات کے اڈوں کے خلاف کارروائی اور عادی نوجوانوں کے لیے خصوصی بحالی مراکز کے قیام، جمعیت علماء اسلام کے رکن سید ظفر آغا صوبے میں کینسر کے علاج کے لیے ہسپتال کے قیام کی قراردادیں پیش کیں جو متفقہ طور پر منظور کرلی گئیں ۔ اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیالانگو نے انسداد دہشتگردی بلوچستان کا ترمیمی مسودہ قانون پیش کیا ۔جسے ایوان میں ووٹنگ کے بعد منظور کرلیا

بقیہ 15

کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران علاقائی صورتحال بالخصوص بدلتی ہوئی سیکورٹی صورتحال اور پاکستان سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ نے علاقائی صورتحال خصوصا امن و سلامتی پر اثر انداز ہونے والے معاملات پر گہری نظر رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ 16

لیے اس نومولود کی جان بچائی، اس نیک عمل کے لئے اللہ تعالیٰ بہت اجر عطا فرمائے گا، پوری قوم کو ان پر فخر ہے اور ان کی ہمت اور بہادری کی معترف ہے، جس نومولود کی انہوں نے جان بچائی ان کی والدہ بھی پوری زندگی ان کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں گی۔وزیراعظم نے کہا کہ عظیم مقصد کے لئے اپنی جان خطرے میں ڈال کر نومولود کی جان بچانا عظیم عمل ہے۔انہوں نے کہا کہ قوم کی بیٹی رضیہ نورین کا کارنامہ تاریخ میں سنہری حروف میں یاد رکھا جائے گا۔وزیراعظم نے کہا کہ پوری قوم کارہائے نمایاں انجام دینے پر رضیہ نورین کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔وزیراعظم نے اعلان کیا کہ 23 مارچ کو رضیہ نورین کو ان کی خدمات کے اعتراف میں تمغہ خدمت دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایک کروڑ روپے کا انعام دراصل ان کی حوصلہ افزائی کے لئے ہے جس کی وہ حقیقی طور پر مستحق ہیں۔نرس رضیہ نورین نے وزیراعظم کو بچی کی جان بچانے اور آتشزدگی کے واقعہ سے متعلق تفصیلات سے بھی آگاہ کیا۔رضیہ نورین نے کہا کہ وہ اس حوصلہ افزائی پر خوش ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان کی دیگر ساتھی نرسز بھی اتنی ہی محنت اور لگن سے کام کرتی ہیں۔یہ بڑا دل خراش واقعہ تھا۔انہوں نے بتایا کہ وہ انہوں نے آگ کو دیکھا اور جان کی پرواہ کئے بغیر اندر چلی گئی

بقیہ 17

۔ذرائع کے مطابق پوسٹ مارٹم میں موت کی وجہ دم گھٹنے سے پائی گئی جب کہ بچی کے نازک حصوں پر خون اور چوٹ کے نشانات بھی پائے گئے۔سول اسپتال ذرائع نے بتایا کہ بچی کے جسم کے نمونے تجزیے کے لیے لاہور میں پنجاب فارنزک لیب بھجوائے جائیں گے اور پوسٹ مارٹم رپورٹ کل تک متعلقہ تفتیشی افسر کے حوالے کردی جائیگی۔نوشکی کے علاقے احمد وال میں بچی کے ساتھ مبینہ زیادتی اور تشدد کے بعد ہلاکت کا واقعہ پیش آیا تھا۔پولیس کے مطابق بچی کے قتل کے الزام میں تین ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے جن سے تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 18

صرف اپنے خاندان کی طاقت ہیں بلکہ بلوچستان کے روشن اور خوشحال مستقبل کی امید بھی ہیں خواتین کی تعلیم، ترقی اور بااختیاری کے بغیر معاشرے کی حقیقی ترقی ممکن نہیں بلوچستان کی خواتین نے مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے اور صوبے کی ترقی میں ان کا کردار قابلِ تحسین ہے۔

بقیہ 19

محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ کثیر ملکی بحری دفاعی اتحاد میں پاکستان کے ریئر ایڈمرل رشید شیخ کو اہم ذمہ داریاں سونپا جانا پاکستان کیلئے باعثِ اعزاز ہے یہ پیشرفت پاکستان کی بحری صلاحیتوں، پیشہ ورانہ عسکری مہارت اور عالمی سطح پر ملک کی صلاحیتوں پر بڑھتے ہوئے اعتماد کا واضح اظہار ہے۔یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سمندری راستوں، اہم آبناؤں اور عالمی تجارتی گزرگاہوں کا تحفظ، آزادانہ بحری آمد ورفت کو یقینی بنانا اور عالمی سپلائی چین کو محفوظ رکھنا اس اتحاد کے بنیادی مقاصد میں شامل ہیں۔

بقیہ 20

کا اظہار کرتے ہوئے یاسین ملک نے کہا ہے کہ کشمیر کے لیے سزائے موت بھی مل جائے تو قبول ہے۔سری نگر کی عدالت میں جمع کرائے گئے 25 صفحات پر مشتمل حلف نامے میں یاسین ملک نے 1990 کے سرلا بھٹ قتل کیس میں ملوث ہونے کے الزام کی دوٹوک تردید کر دی۔انہوں نے کہا کہ بھارتی حکومت 36 سال بعد مجھے ایک جھوٹے مقدمے میں ملوث کر کے پھانسی دینے کی سازش کر چکی ہے، میں اپنا معاملہ خدا پر چھوڑتا ہوں، عدالتی سزا قبول کرنے کا مطلب عائد جرم قبول کرنا نہیں۔بھارتی حکومت کو چارج شیٹ کرتے ہوئے جے کے ایل ایف کے رہنما یاسین ملک نے کہا ہے کہ واجپائی دورِ حکومت میں اجیت دوول، برجیش مشرا اور آر کے مشرا نے پاک بھارت تعلقات میں مثبت کردار ادا کرنے کو کہا اور پھر بعد میں پاکستان سے تعلقات کو میرے خلاف بطور ثبوت پیش کیا گیا

بقیہ 21

مذمتی قرارداد منظور کرلی سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیرصدارت اجلاس میں مشترکہ مذمتی قرارداد صوبائی وزیر علی مدد جتک نے پیش کی جس میں کہا گیا تھا کہ 31 اگست کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں میر صادق عمرانی نے گمراہ کن الفاظ ادا کئے جس سے ایوان اور اراکین اسمبلی کا تقدس پامال ہوا ہے اس لئے صادق عمرانی کے کہے گئے الفاظ ایوان کی کارروائی سے حذف کئے جائیں، قرارداد کے جواب میں میر صادق عمرانی کا کہنا تھا کہ انہوں نے یہ الفاظ زمرک خان اچکزئی کی قرارداد کے حوالے سے ادا کئے تھے کہ آپ کو امن وامان کے حوالے سے تمام باتیں اسلام آباد میں ہونے والی کانفرنس میں کہنا چاہیے تھی، صوبائی وزیر صادق عمرانی نے کہا کہ میں نے جوبات کی ہے

بقیہ 22

قائم کمیٹی کے دوسرے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔فریم ورک کا مقصد پاکستان میں پرائیویٹ ایکویٹی کے شعبے کو مضبوط بنانا اور پیداواری سرمایہ کاری کے لیے ملکی و بین الاقوامی طویل مدتی سرمائے کو زیادہ بڑے پیمانے پر متحرک کرنے کی سہولت فراہم کرنا ہے۔اجلاس کے آغاز میں کمیٹی نے پاکستان کی جانب سے 3 ارب ڈالر مالیت کے یوروبانڈ کے کامیاب اجرا پر وزیرخزانہ کو مبارکباد دی اور اس عمل میں بین الاقوامی سرمایہ کاروں کی جانب سے بھرپور اور متنوع شرکت کو سراہا۔وزیرخزانہ نے کہا کہ عالمی کیپٹل مارکیٹوں کی جانب سے مثبت ردعمل سے پاکستان کی معاشی سمت پر بڑھتے ہوئے اعتماد کی عکاسی ہورہی ہے، اس سے کیپٹل مارکیٹ کے ایکویٹی شعبے کو مزید گہرا کرنے اور ملک کے طویل مدتی فنانسنگ کے ذرائع کو وسعت دینے کی کوششوں کے لیے حوصلہ افزا ماحول فراہم ہوا ہے۔وزیر خزانہ نے یاد دلایا کہ کمیٹی کے پہلے اجلاس کے بعد ضابطہ کاری، ٹیکس، ادارہ جاتی سرمایہ کاری اور دیگر پالیسی شعبوں میں کام کو آگے بڑھانے کے لیے مخصوص ورک اسٹریمز قائم کیے گئے تھے، مقصد یہ ہونا چاہیے کہ ان ورک سٹریمز کو ایک ایسے مربوط، عملی اور قابل نفاذ فریم ورک میں تبدیل کیا جائے جو مناسب ضابطہ جاتی تحفظات اور مالیاتی نظم و ضبط برقرار رکھتے ہوئے حقیقی سرمایہ کاری کو متحرک کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو

بقیہ 23

کے دوران ملزمان سے 6 لاکھ شہریوں کے فنگر پرنٹس اور بائیومیٹرک ڈیٹا برآمد ہوئے۔حکام نے بتایا کہ فیصل آباد سے گرفتار شخص کے قبضے سے 195 ایکٹو موبائل سمز، 16 سمارٹ فونز اور مختلف بینکوں کے 81 اے ٹی ایم کارڈز برآمد ہوئے۔ڈائریکٹر این سی سی آئی اے نے بتایا چوری شدہ بائیومیٹرک ڈیٹا اور برآمد شدہ سمز کے ذریعے شہریوں کے ساتھ دھڑا دھڑ مالیاتی فراڈ کیے جا رہے تھے، واٹس ایپ ہیکنگ کو مکمل ختم کرنے جا رہے ہیں۔قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کے اجلاس میں ملک بھر میں جاری سائبر فراڈ اور بینک اکاؤنٹس ہیکنگ پر بریفنگ کے دوران چیئرمین پی ٹی اے نے اعتراف کیا موبائل کمپنیز کے اپنے اہلکار ڈیٹا لیک کرنے میں ملوث ہیں

بقیہ 24

کر لیے۔وزارت خزانہ کے مطابق ریکارڈ یوروبانڈ سے پاکستان کی عالمی مالیاتی منڈیوں میں واپسی مضبوط ہوگئی ہے،ساڑھے 5 سالہ یوروبانڈ سے پاکستان نے 1.75 ارب ڈالر حاصل کیے اور اس پر 7.50 فیصد کوپن ریٹ مقرر کیا، اسی طرح 10 سالہ یوروبانڈ سے 1.25 ارب ڈالر حاصل کیے، جس پر 7.90 فیصد کوپن ریٹ مقرر کیا گیا۔ وزارت خزانہ کے مطابق عالمی سرمایہ کاروں کی بھرپور شرکت پاکستان پر اعتماد کی بحالی کا اشارہ ہے، پاکستان کی عالمی کیپٹل مارکیٹس تک رسائی میں اہم پیشرفت ہوئی ہے۔پہلی بار نئے گلوبل میڈیم ٹرم نوٹ پروگرام کے تحت بانڈ جاری کیا گیا۔وزارت خزانہ نے کہا کہ پاکستان کی حکمت عملی قرض کے بجائے خودمختار قرض مینجمنٹ پر مرکوز ہے۔

بقیہ 25

ہوا۔پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے جرگہ کی متفقہ قراردادوں کی منظوری لی۔جنوبی پشتونخوا کے عوام کے اس تین روزہ نمائندہ جرگہ میں مختلف اضلاع سے آئے ہوئے سیاسی و سماجی رہنماؤں، قبائلی عمائدین، دانشوروں، وکلاء، نوجوانوں، خواتین، مزدوروں، کسانوں، تاجروں، صحافیوں اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے نمائندوں نے ملک، بالخصوص پشتون علاقوں کی موجودہ سیاسی، آئینی، امن و امان، معاشی، سماجی اور قومی صورتحال پر تفصیلی غور و خوض کیا۔جرگہ شرکاء کی تقاریر، آراء اور تجاویز کی روشنی میں درج ذیل قراردادیں متفقہ طور پر منظور کرتا ہے۔جرگہ اپنے تین روزہ اجلاس کو کامیاب، بامقصد اور بھرپور بنانے پر تمام معزز شرکاء، سیاسی و سماجی رہنماؤں، قبائلی عمائدین، دانشوروں، وکلاء، نوجوانوں، خواتین، کارکنوں، صحافیوں اور معاونین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہے اور ان کے قومی جذبے، سیاسی شعور اور جمہوری عزم کو خراج تحسین پیش کرتا ہے۔جرگہ جنوبی پشتونخوا، بالخصوص دکی، ہرنائی، زیارت، کوئٹہ، ہنہ اوڑک، مانگی، منگلہ، پشین، سرانان، سرہ غوڑگئی، زیارت کراس، قلعہ عبداللہ خان، تحصیل گلستان، ملیزئی، محمد زئی اور میزئی اڈہ سمیت مختلف علاقوں میں مسلسل بگڑتی ہوئی امن وامان کی صورتحال، پرتشدد قتل وغارت کے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار اور ہر قسم کی دہشت گردی، انتہاپسندی، پراکسیز، مسلح کارروائیوں، ٹارگٹ کلنگ، قتل و غارت، اغواء برائے تاوان، بھتہ خوری اور ریاستی وغیر ریاستی تشدد کی دوٹوک مذمت کرتا ہے۔جرگہ مطالبہ کرتا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی اولین ذمہ داری کے طور پر یقینی بنایا جائے اور دہشت گردی و جرائم کے خاتمے کے لیے قانون کے مطابق بلاامتیاز، مؤثر اور مستقل کارروائی کی جائے۔

بقیہ 26

بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کی ایک نئی رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ ایران کے جوہری پروگرام کی نگرانی اور معائنے کے عمل میں بڑے خلا پیدا ہو گئے ہیں۔اصفہان کی جوہری تنصیب کی موجودہ صورتحال بھی غیر واضح ہے، جبکہ ایجنسی گزشتہ چھ ماہ سے وہاں زمینی طور پر تصدیق نہیں کرسکی۔عرب ٹی وی کے مطابق ایجنسی نے تصدیق کی ہے کہ اس نے گزشتہ فروری کے بعد سے ایران کی کسی بھی جوہری تنصیب پر زمینی سطح پر معائنہ یا تصدیقی کارروائی نہیں کی۔اس صورتحال نے ایرانی جوہری پروگرام میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لینے کی اس کی صلاحیت کو محدود کردیا ہے۔رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ ایجنسی ایران میں سینٹری فیوجز کی سرگرمیوں کی نگرانی بھی نہیں کرسکی۔اس کے مطابق اسے اصفہان کی افزودگی تنصیب کی موجودہ اور درست صورتحال کا علم نہیں ہے۔

بقیہ 27

ملاقات کی، جس میں بلوچستان میں خواتین کے تحفظ، حقوق کے فروغ، صنفی بنیادوں پر تشدد کی روک تھام اور خواتین کے لیے مؤثر قانونی و ادارہ جاتی معاونت کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران خواتین کو درپیش مسائل، پولیس کے نظام میں جینڈر حساسیت کے فروغ اور خواتین سے متعلق شکایات کے مؤثر اور فوری ازالے کے لیے ادارہ جاتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر بات چیت ہوئی۔ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ خواتین کو محفوظ، باوقار اور سازگار ماحول کی فراہمی حکومت بلوچستان کی ترجیحات میں شامل ہے۔خواتین کے خلاف تشدد، ہراسانی اور دیگر صنفی جرائم کی روک تھام کے لیے قانون کے مؤثر نفاذ کے ساتھ ساتھ پولیس اور متعلقہ اداروں کے درمیان مربوط تعاون ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ خواتین کے مسائل سے متعلق اداروں کو محض ردعمل تک محدود رکھنے کے بجائے ایک فعال، حساس اور متاثرہ خواتین کی ضروریات کو سمجھنے والے نظام کی طرف بڑھنا ہوگا۔ پولیس سمیت تمام متعلقہ اداروں میں جینڈر حساسیت کے حوالے سے استعداد کار بڑھانے سے خواتین کے اعتماد میں اضافہ ہوگا اور انہیں بروقت انصاف تک رسائی حاصل ہوگی

بقیہ 28

دیئے گے یہاں تک کے ہسپتال جانے کے لیے نہ مریضوں کو چھوڑا گیا اور نہ ڈاکٹروں نہ پیرامیڈیکل اسٹاف کو ہسپتال جانے کی اجازت دی گی۔انھوں نے کہا کہ صحافیوں کے ایک مخصوص گروپ کو پریس کلب تربت کے دورے کے دوران مقامی صحافیوں کے ساتھ ہونے والی بدسلوکی کی بھی مزمت کی۔انھوں نے کہا کہ سیکورٹی کے اداروں کو زمہ دار اداروں کے زمہ دار لوگوں اور عام شہریوں کا احترام کرنا سیکھنا ہوگا۔انھوں نے کہا کہ سیکورٹی اہلکاروں کا ڈاکٹروں پیرا اسٹاف اور صحافیوں کے ساتھ ہونے والے واقعات کی جس قدر مزمت کی جائے کم ہے۔۔

بقیہ 29

سے اغوا کیے گئے تین افراد کو پولیس اور مقامی افراد کی مسلسل کوششوں کے نتیجے میں بحفاظت بازیاب کرا لیا گیا۔پولیس ذرائع کے مطابق 15 اگست 2026 کو شام تقریباً ساڑھے چار بجے 12 سے 15 مسلح افراد 7 سے 8 موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر نگور کے علاقے میں واقع کرش پلانٹ پہنچے اور وہاں موجود تین افراد کو اغوا کر کے اپنے ہمراہ لے گئے تھے۔اغوا ہونے والوں میں سکندر علی ولد امام بخش، رہائشی جھل مگسی، محمود ولد حاجی رحمت اللہ، رہائشی کوئٹہ، اور نیاز علی، رہائشی ڈی ایم جمالی شامل تھے۔واقعے کے بعد جھل مگسی پولیس نے مقامی کمیونٹی کے تعاون سے مغویان کی تلاش اور بحفاظت بازیابی کے لیے کوششیں تیز کر دیں۔

بقیہ 30

و پریشانیوں میں کمی آئیگی۔الحمداللہ حافظ نعیم الرحمٰن کی کال پر ملک بھر کی طرح بلوچستان بھر میں گوادر سے ژوب اور چمن سے حب چوکی کراچی تک عوام تاجروں دکانداروں نے لبیک کرتے ہوئے عمل کیا اور کامیاب شٹرڈاون ہڑتال کر کے سرخرو ہوئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ میں وفود سے ملاقات کے دوران گفتگو میں کیا قبل ازیں صوبائی نائب امیر زاہد اختر بلوچ، امیر ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند نے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے شٹرڈاون ہڑتال کا جائزہ لیا دکانداروں تاجروں سے ملاقات کی

بقیہ 31

ڈویلپمنٹ اتھارٹی سے متعلق مختلف اہم امور، علاقے کی ترقی، سیاحت کے فروغ، بنیادی ڈھانچے کی بہتری اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی سے متعلق معاملات پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ زیارت بلوچستان کا اہم سیاحتی اور قدرتی حسن سے مالا مال علاقہ ہے، جس کی ترقی اور خوبصورتی کو برقرار رکھتے ہوئے یہاں سیاحوں اور مقامی آبادی کو بہترین سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ذریعے علاقے کی منصوبہ بندی اور پائیدار ترقی کے لیے موثر اقدامات اٹھائے جائیں گے

بقیہ 32

چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سول اور ملٹری اسٹیبلشمنٹ کو اصل ایشوز کو ایڈریس کرنا اور اعتماد سازی کی طرف جانا ہوگا، نیشنل پارٹی کی قیادت نے ملک کی سیاسی قیادت ملاقاتیں کر کے ان کے سامنے بلوچستان کا مقدمہ پیش کیا ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز تربت پریس کلب آڈیٹوریم میں پروگرام ''گندءُ نند'' کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کیا اس موقع پر نیشنل پارٹی کے رہنما محمد جان دشتی، فدا جان بلیدی، ضلعی صدر یونس جاوید، معتبر شیر جان، وحید اختر و دیگران کے ہمراہ تھے۔سینیٹر جان محمد بلیدی نے کہا کہ نئے صوبوں کے قیام کا مطالبہ کسی بھی مین اسٹریم سیاسی جماعت مسلم لیگ (ن) پیپلز پارٹی، پی ٹی آئی، جے یو آف کا نہیں ہے، پاکستان میں بلوچستان کے سوا دیگر صوبے قیام پاکستان سے قبل 1901ء کے تشکیل کردہ صوبے ہیں، نئے صوبوں کا قیام معاملات کو مزید خراب کرنے کا باعث بن سکتا ہے

بقیہ 33

فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ پولیس کے مطابق اسکواڈ کی گاڑی ڈی سی ہرنائی کو کوئٹہ پہنچا کر واپس ہرنائی جا رہی تھی کہ واقعہ پیش آیا۔واقعہ کے بعد سیکورٹی فورسز اور پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور پورے علاقے کو گھیرے میں لیکر ملزمان کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن شروع کر دیا۔

بقیہ 34

پروزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے جامع اقدامات کر رہی ہے۔پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی عمل کو تیز کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، جبکہ دور دراز علاقوں کو بھی ترقی کے عمل میں شامل کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے سردار بابر خان موسیٰ خیل اور سردار محمد حنیف خان موسیٰ خیل نے وزیراعلیٰ کو اپنے علاقے کے مختلف عوامی مسائل اور ضروریات سے آگاہ کیا، جن کے حل کے لیے وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ضروری اقدامات کی ہدایت کی ملاقات میں صوبے میں امن و استحکام، عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی عمل کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔

بقیہ 35

کو اس اہم منصوبے کے ثمرات جلد از جلد حاصل ہو سکیں۔صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی نے معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے اسی وقت مطلوبہ فنڈز جاری کرنے کے احکامات جاری کرتے ہوئے محکمے کے متعلقہ کو ہدایت کی کہ منصوبے کے تعمیراتی کام کی مکمل نگرانی کی جائے۔انہوں نے مزید ہدایت کی کہ جاری شدہ فنڈز کے مؤثر اور بروقت استعمال کو یقینی بنایا جائے تاکہ کام کی رفتار میں مزید تیزی لائی جاسکے، انہوں نے کہا کہ فنڈز کے استعمال کے بعد اگلی ریلیز بھی بروقت جاری کی جائے۔ملاقات میں شیر جان کڈنی ڈیم کی مرمت کے حوالے سے بھی اہم پیش رفت ہوئی، جس کے لیے I-PC محکمہ میں جمع کروادیا گیا ہے

بقیہ 36

بی۔ٹیوٹا (BTEVTA) بلوچستان میں فنی و پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیت کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے تیزی سے گامزن ہے۔ اس وژن کے تحت نوجوانوں کی تربیت کا آغاز کیا جارہا ہے تربیتی نصاب کو ملکی اور بین الاقوامی مزدوری مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق اپ ڈیٹ کیا جارہا ہے تاکہ تربیت یافتہ نوجوانوں کے لیے روزگار کے بہترین اور پائیدار مواقع فراہم ہوں۔اس کے ساتھ ساتھ، اداروں کی ڈیجیٹلائزیشن (ڈیجیٹل بی ٹیوٹا)، اور داخلہ کے نظام کو مرکزی اور شفاف بنانے کے لیے 90 روزہ ترجیحی پلان پر موثر عمل درآمد جاری ہے، جو صوبے کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور روشن مستقبل کی جانب ایک سنگ میل ثابت ہو۔چیف سیکرٹری شکیل قادر خان نے ہدایت دی کہ بی ٹیوٹا کے تحت کام کرنے والے ٹیکنیکل اداروں کو مرکزی نگرانی اور معیار کے تحت منظم کیا جائے تاکہ وسائل کا اشتراک، سیکھنے کے معیار اور نتائج میں بہتری آئے۔انہوں نے نجی شعبے کے ساتھ شراکتِ عمل بڑھانے، انٹرنشپ اور جاب میلہ جات کے ذریعے تربیت یافتگان کو روزگار سے جوڑنے، اور مائیکروفنانسنگ یا چھوٹے کاروباری قرضوں کے راستے آسان کرنے کے بھی احکامات جاری کیے۔انہوں نے کہا کہ صوبائی معیشت کو مضبوط کرنے کے لیے ایسے ہنر جن کی طلب مقامی صنعتوں، تعمیرات، زرعی مشینری اور آئی ٹی سیکٹر میں زیادہ ہے، پر خصوصی فوکس رکھا جائے گا۔

بقیہ 37

اور دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنایا۔انہوں نے کہا کہ یوم دفاع دراصل ان عظیم شہداء اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا دن ہے جنہوں نے وطن عزیز کی آزادی، سلامتی، خودمختاری اور دفاع کے لیے اپنی زندگیاں وقف کیں۔ 6 ستمبر 1965ء کو افواج پاکستان کے جوانوں نے جس عزم، بہادری اور قربانی کا مظاہرہ کیا، وہ ہماری قومی تاریخ کا سنہری باب ہے اور آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہے، سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ پاک فوج، پاک بحریہ اور پاک فضائیہ کے افسران و جوانوں نے ہر مشکل گھڑی میں وطن کے دفاع کا فریضہ احسن انداز میں انجام دیا ہے۔ملکی سرحدوں کی حفاظت سے لے کر دہشت گردی کے خلاف جنگ، قدرتی آفات اور دیگر ہنگامی حالات میں عوام کی مدد تک افواج پاکستان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔قوم اپنے شہداء کے لہو کو بھی فراموش نہیں کرسکتی اور ان کے خاندانوں کی قربانیوں کو بھی قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ شہداء نے اپنے خون سے پاکستان کے دفاع کو مضبوط بنایا اور یہ ثابت کیا کہ وطن کی سلامتی سے بڑھ کر کوئی چیز عزیز نہیں۔

بقیہ 38

لیے منصوبوں کی بروقت تکمیل، معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کرنے اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسٹریٹیجک پروجیکٹس میں پیشرفت کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے متعلقہ محکموں اور افسران کو ہدایت کی کہ منصوبوں کی پیشرفت کی باقاعدگی سے نگرانی کی جائے، درپیش رکاوٹوں کو فوری دور کیا جائے اور عوامی مفاد کے منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔چیف سیکرٹری نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان میں متوازن اور پائیدار ترقی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے تاکہ شہریوں کو بہتر سہولیات فراہم کی جاسکیں اور صوبے کے عوام کا معیارِ زندگی بلند ہو۔اجلاس میں متعلقہ محکموں کے سیکرٹریز نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبے میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد، پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 39

بچاؤ کی مہم کو کامیاب بنانے کے لیے مختلف محکموں کے باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی پر تفصیلی غور کیا گیا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر ارسلان درازئی نے اجلاس کو آنے والی پولیو مہم کے حوالے سے بریفنگ دی۔اجلاس میں ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالروف بلوچ، ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر ارسلان درازئی، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال تربت ڈاکٹر وحید بلیدئی، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرتضیٰ بلوچ، چیف آفیسر تربت شعیب ناصر، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر تربت امتیاز سخی، انجمن تاجران کے حاجی کریم بخش، ڈی ایس پی دانش بلوچ سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں پولیومہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے، ٹیموں کی مؤثر نگرانی، سکیورٹی انتظامات، مائیکرو پلان پر عملدرآمد اور رہ جانے والے بچوں تک رسائی سمیت مختلف امور کا جائزہ لیا گیا

بقیہ 40

عملے نے پرنس روڈ، لیاقت بازار، فاطمہ جناح روڈ اور گردونواح کے مرکزی بازاروں میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔کارروائی اینٹی انکروچمنٹ زون انچارج علی رضا درانی اوزغون زون کے سپروائزر نہال دین بلٹی کی نگرانی میں عمل میں لائی گئی، جس کے دوران سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر قائم تجاوزات کو ہٹا کر راستے کلیئر کیے گئے۔

بقیہ 41

صورت میں ڈرگ سیل لائسنس کی منسوخی سمیت سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔عوام بالخصوص والدین سے اپیل ہے کہ بچوں کے لیے صرف رجسٹرڈ، معیاری اور مستند دودھ استعمال کریں۔اس کے علاوہ سینئر ڈرگ انسپکٹر خرم شہزاد نے سیٹلائٹ ٹاؤن، کوئٹہ میں مختلف میڈیکل اسٹورز کا معائنہ کیا۔دوران معائنہ کوئی بھی غیر قانونی، غیر رجسٹرڈ، غیر معیاری، جعلی یا مشکوک ادویات/مصنوعات (بشمول دودھ) برآمد نہیں ہوئیں

بقیہ 42

اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو بحالی کے کام کو مقررہ اہداف کے مطابق مزید تیز کرنے کی ہدایت کی۔اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ و پروجیکٹ ڈائریکٹر فش لینڈنگ جیٹی شاہد علی، ایگزیکٹو انجینئر محمد اکبر اور معروف کنٹریکٹر حاجی شریف زیمل موجود تھے۔ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے جیٹی کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اور گزشتہ دنوں جیٹی میں پھنس جانے والی بڑی کشتیوں کی واپسی کے لیے کلیئر کیے گئے راستے اور کیے گئے دیگر اقدامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے کشتیوں کی بحفاظت واپسی ممکن بنانے کے لیے کیے گئے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ جیٹی میں کشتیوں کی آمدورفت کو مزید آسان بنانے کے لیے گزرگاہ کو ضرورت کے مطابق مزید کشادہ کیا جائے، تاکہ ماہی گیروں کو عملی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔اس موقع پر پشکان فش لینڈنگ جیٹی کی مستقل بنیادوں پر بحالی اور مستقبل میں باقاعدہ ڈریجنگ کے منصوبے پر بھی تفصیلی غور کیا گیا

بقیہ 43

گئی۔ جوائنٹ روڈ پر مراکز کی اسپیکشن کے دوران 4 یونٹس کو جرمانہ اور ایک پراسیسنگ یونٹ سیل جبکہ غیر لیبل شدہ انفینٹ فارمولا اور ملک پاؤڈر ضبط کیا گیا۔ ناقص صفائی، کھلے کچرے دان، مکھیوں کی موجودگی، غیر محفوظ اسٹوریج اور فوڈ سیفٹی اصولوں کی خلاف ورزیوں پر بھی متعدد کارروائیاں کی گئیں۔مسجد روڈ اور فاطمہ جناح روڈ پر معائنے کے دوران غیر رجسٹرڈ انفینٹ فارمولا کے 180 کارٹن ضبط کیے گئے جبکہ ایک ڈسٹری بیوشن سینٹر کا مخصوص حصہ سیل کیا گیا۔متعلقہ مصنوعات کی رجسٹریشن، لیب رپورٹس اور لائسنس کی دستاویزات پیش نہ کیے جانے پر اسٹاک بلوچستان فوڈ اتھارٹی حکام نے تحویل میں لے لیا۔اسی طرح نواں کلی اور عبدالخالق روڈ پر بھی کارروائی کرتے ہوئے 25 کلوگرام غیر مصدقہ ملک پاؤڈر ضبط جبکہ ایک جنرل اسٹور کو ممنوعہ اشیاء اور لیبلنگ کی خلاف ورزی پر جرمانہ کیا گیا۔ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق خصوصی مہم کے ساتھ دودھ ٹیسٹنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے

بقیہ 44

افسران اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔اجلاس میں جاری پولیو مہم کے دوران مدارس میں 100 فیصد پولیو کوریج یقینی بنانے، بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے، جبکہ مہم کے دوران پیش آنے والی رکاوٹوں اور انکاری کیسز (Refusals) کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی نے علماء کرام اور وفاق المدارس کے نمائندوں سے اپیل کی کہ وہ پولیو مہم کی کامیابی کے لیے ضلعی انتظامیہ اور پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور مدارس میں موجود تمام بچوں کی 100 فیصد کوریج یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 45

ہے نئے کمانڈنٹ دالبندین سمیت علاقے میں امن و امان برقرار رکھنے، علاقائی ترقی و خوشحالی، روزگار کی فراہمی، تجارت کے فروغ سمیت دیگر اہم امور پر خصوصی توجہ دیں گے حاجی میر عرض محمد بڑیچ نے نئے کمانڈنٹ برگیڈیئر اعجاز احمد کو مزید بتایا کہ یہ علاقہ کافی وسیع و عریض رقبے پر پھیلا ہوا ہے جہاں پر لوگوں کے روزگار کا انحصار بارڈری ایریا سے وابستہ ہے بالخصوص تیل کی رسد کے لئے گاڑیوں کی انٹری ایک اہم اور حل طلب مسئلہ ہے جسے فوری طور پر حل کرنے کی ضرورت ہے علاوہ ازیں مختلف علاقوں میں سفری اور تجارتی راستوں کی بحالی جیسے مسائل سے متعلق گفتگو کی گئی علاقے کے نوجوانوں کو باعزت روزگار کی فراہمی ، بارڈرز سے لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے ، علاقے میں ترقی کے جامع منصوبہ بندی اور اقدامات، لوگوں کے کاروباری گاڑیوں سے متعلق آگاہی سمیت دیگر امور کے متعلق تفصیلی گفتگو کی گئی اس موقع پر نئے کمانڈنٹ بریگیڈیئر اعجاز احمد نے تمام مسائل کو غور سے سننے اور انھیں حل کرانے کی ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی حاجی میر عرض محمد بڑیچ نے میجر جنرل سعد محمود کا شکریہ ادا کیا

بقیہ 46

ادویات کی میعاد، معیار، مناسب اسٹوریج، صفائی ستھرائی، لائسنس اور متعلقہ ریکارڈ سمیت دیگر قانونی و انتظامی امور کا بھی معائنہ کیا گیا۔اس موقع پر حکام نے میڈیکل اسٹورز کے مالکان اور ذمہ داران کو ہدایت کی کہ ادویات کی خرید وفروخت کے حوالے سے تمام متعلقہ قوانین اور ضوابط پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔زائد المیعاد، غیر معیاری، غیر رجسٹرڈ یا مشکوک ادویات کی خرید وفروخت سے مکمل اجتناب کیا جائے اور عوام کو صرف مستند، معیاری اور محفوظ ادویات فراہم کی جائیں۔حکام نے واضح کیا کہ شہریوں کو معیاری اور محفوظ ادویات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ڈرگ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے میڈیکل اسٹورز کے خلاف مروجہ قوانین کے تحت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ عوامی صحت کے تحفظ کے لیے میڈیکل اسٹورز کی نگرانی، ادویات کے معیار کی جانچ اور ڈرگ قوانین پر عملدرآمد کا سلسلہ آئندہ بھی باقاعدگی سے جاری رکھا جائے گا۔ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کے حکام نے میڈیکل اسٹورز کے مالکان پر زور دیا کہ وہ عوامی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے تمام قانونی تقاضے پورے کریں اور ادویات کی خرید وفروخت میں مقررہ ضوابط پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں۔

بقیہ 47

بنانے، کمزور و غیر فعال یونٹوں کی تنظیمی فعالیت بحال کرنے اور جماعتی نظم وضبط کو مضبوط بنانے کے حوالے سے اہم تجاویز پیش کی گئیں۔اس موقع پر تحصیلوں اور یونٹوں کی سطح پر تنظیمی سرگرمیوں میں تسلسل باقاعدگی سے اجلاسوں کے انعقاد، ذمہ داران اور کارکنان کے درمیان رابطے، کارکنان کی فکری و تنظیمی تربیت اور جماعتی پروگراموں میں بھرپور شرکت کو یقینی بنانے پر زور دیا گیا۔اجلاس میں اس امر پر بھی تاکید کی گئی کہ تحصیل و یونٹ کے تمام ذمہ داران اپنی ذمہ داریوں کو محض عہدے تک محدود رکھنے کے بجائے اسے باقاعدہ جماعتی خدمت اور تنظیمی امانت سمجھتے ہوئے فعال کردار ادا کریں۔ امراء ونظماء اپنے علاقوں میں جماعتی نظم کو مستحکم کرنے، کارکنان سے مسلسل رابطہ رکھنے، مجلسِ عاملہ، مجلسِ عمومی اور مجلسِ شوریٰ کے اجلاس دستور کے مطابق بروقت منعقد کرنے تنظیمی امور کی بروقت تکمیل اور ضلعی جماعت کی ہدایات پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔

بقیہ 48

ایک اہم راؤنڈ ٹیبل ڈسکشن کا انعقاد کیا گیا، اس پروگرام میں بی ار ایس پی کے سی ای او ڈاکٹر طاہر رشید، سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر روبینہ مشتاق اور ٹیکنیکل ایکسپرٹ نے شرکت کی۔اس میٹنگ کا مقصد طالب علموں کی قائدانہ صلاحیتوں صلاحیتوں کو فروغ دینا، سماجی کاروباری سرگرمیوں کے حوالے سے ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور انہیں مثبت، تخلیقی اور تعمیری کردار ادا کرنے کے لیے مواقع فراہم کرنا تھا۔کانفرنس سے چیف کوآرڈینیشن آفیسر ڈاکٹر دوست محمد بڑیچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چھ اضلاع کے طلبہ وطالبات کو ہنر اور بہتر مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے کمیونٹی میں مثبت کردار ادا کرسکیں۔اس موقع پر ڈپٹی کوآرڈینیشن آفیسر ڈاکٹر عصمت اللہ خان نے کانفرنس کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی اور طالب علموں کو انگیج کرنے پر زور دیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے BRSP کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر طاہر رشید، سردار بہادر خان ویمن یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور ٹیکنیکل ایکسپرٹ نے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں بہتر تعلیمی و پیشہ ورانہ مواقع فراہم کرنے کی اہمیت پر زور دیا

بقیہ 49

نہیں کرینگے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں صحافیوں اور سوشل میڈیا ایکٹوسٹس کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔قیوم بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم پورے صوبے کی سطح کا پلیٹ فارم ہے، جس میں اب تک 11 اضلاع اور تین ڈویژنز کے صحافی شامل ہوچکے ہیں۔فورم کا مقصد صحافی برادری کو تقسیم کرنا نہیں بلکہ انہیں ایک پلیٹ فارم پر متحد کرکے ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے مؤثر آواز بلند کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ لوکل پرنٹ میڈیا کے ساتھ بلوچستان میڈیا فورم کا گوشت اور ناخن کا ساتھ ہے، لوکل اخبارات نے ہمیشہ عوامی مسائل، محروم طبقات اور بلوچستان کے مسائل کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔لوکل پرنٹ میڈیا کے خلاف کسی بھی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دینگے اور اس کے حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔قیوم بلوچ نے کہا کہ صحافت اور صحافیوں کے حقوق پر قدغن لگانے یا لوکل اخبارات کو کمزور کرنے کی کسی بھی کوشش کا بھرپور مقابلہ کیا جائے گا۔ پرنٹ میڈیا کو ختم کرنے کا خواب دیکھنے والے خود ختم ہوجائینگے، ماضی میں بھی بہت سے دیوانوں نے اس طرح کے ناپاک خواب دیکھے مگر وہ کامیاب نہیں ہوسکے۔

بقیہ 50

سے جاری اقدامات اور پیش رفت سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا۔اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی ہدایات کی روشنی میں ضلع چمن میں صحاری صفائی اور شجرکاری مہم پر خصوصی توجہ دی گئی۔اجلاس میں میونسپل کارپوریشن، محکمہ لوکل گورنمنٹ اور محکمہ جنگلات کے افسران نے صفائی و شجرکاری مہم کے حوالے سے جاری سرگرمیوں اور پیش رفت پر تفصیلی بریفنگ دی۔ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ صفائی مہم کو مزید مؤثر اور منظم بنایا جائے اور شہر کے اہم مقامات، شاہراہوں، بازاروں، داخلی و خارجی راستوں اور عوامی مقامات پر صفائی کے انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے شجرکاری مہم کو بھی مؤثر انداز میں آگے بڑھانے اور لگائے گئے پودوں کی حفاظت ونگہداشت پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی

بقیہ 51

ہدایت کی کہ شہریوں کو مقررہ مقدار کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔بعدازاں اسسٹنٹ کمشنر نے ماچھی پور شہر میں ناجائز تجاوزات کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ افراد کو سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی راستوں پر قائم تجاوزات فوری طور پر ہٹانے کی ہدایات جاری کیں۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کی آمدورفت میں رکاوٹ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی

بقیہ 52

نورزئی کے جواں سال فرزند کو تاوان کے عوض اغواء کیا گیا اور کروڑوں روپے طلب کیئے گئے جبکہ تمام انتظامیہ، حکومت ، سیکورٹی ادارے مغوی کو بازیاب کرنے میں ناکام رہے اور اس دوران مسلسل ان کے والد کو دھمکی آمیز پیغامات، بیٹے کی رہائی کے عوض کروڑوں روپے کی ادائیگی اور انہیں قتل کرنے کی دھمکیاں ملتی رہی۔جس پر حکومت اور قانون نافذ کرنیوالے اداروں نے کوئی سنجیدگی نہیں دکھائی اور گزشتہ شب ایک بار پھر نامعلوم افراد کی جانب سے صلاح الدین خان کو کوئٹہ میں فائرنگ کر کے شہید کردیا گیا جبکہ ان کے فرزند تاحال لاپتہ ہیں

بقیہ 53

فیاض احمد موقع پر ہی ہلاک جبکہ سکندر علی سمیت دو افراد زخمی ہوگئے واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور واقعے میں مرنے اور زخمیوں کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کردیا گیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے جبکہ زخمی ہسپتال میں زیر علاج ہیں واقعے کے بارے میں تحقیقات چھتوشوری پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 54

ایس این آئی ڈی پولیو مہم کے مختلف پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر مہم کے لیے کیے گئے انتظامات، پولیو ٹیموں کی تشکیل، فیلڈ میں ٹیموں کی مؤثر تعیناتی، بچوں تک رسائی، مانیٹرنگ، نگرانی اور عوامی آگاہی کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔اجلاس کے شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ پولیو ایک خطرناک لیکن قابلِ انسداد بیماری ہے، جس کے خاتمے کے لیے مسلسل اور مربوط کوششیں ناگزیر ہیں۔مہم کے دوران ضلع بھر میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے تاکہ کوئی بھی بچہ حفاظتی ویکسین سے محروم نہ رہے۔ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مقبول احمد کاکڑ نے متعلقہ افسران اور پولیو ٹیموں پر زور دیا کہ وہ مہم کے دوران اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری، محنت اور ذمہ داری کے ساتھ ادا کریں اور فیلڈ میں موجود تمام ٹیموں کی مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ پولیو مہم کی کامیابی کے لیے صرف ٹیموں کی تعیناتی کافی نہیں بلکہ ہر بچے تک رسائی، والدین کا اعتماد حاصل کرنا اور رہ جانے والے بچوں کو دوبارہ کور کرنا بھی انتہائی ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ ہر بچے کے منہ تک پولیو کے دو قطرے پہنچانا ہماری اولین ترجیح ہے

بقیہ 55

متعلقہ شعبوں کے دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔اجلاس میں 21 ستمبر سے 24 ستمبر تک جاری رہنے والی ایس این آئی ڈی پولیو مہم کے مختلف پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر مہم کے لیے کیے گئے انتظامات، پولیو ٹیموں کی تشکیل، فیلڈ میں ٹیموں کی مؤثر تعیناتی، بچوں تک رسائی، مانیٹرنگ، نگرانی اور عوامی آگاہی کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔اجلاس کے شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ پولیو ایک خطرناک لیکن قابلِ انسداد بیماری ہے، جس کے خاتمے کے لیے مسلسل اور مربوط کوششیں ناگزیر ہیں۔مہم کے دوران ضلع بھر میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے تاکہ کوئی بھی بچہ حفاظتی ویکسین سے محروم نہ رہے۔ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مقبول احمد کاکڑ نے متعلقہ افسران اور پولیو ٹیموں پر زور دیا کہ وہ مہم کے دوران اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری، محنت اور ذمہ داری کے ساتھ ادا کریں اور فیلڈ میں موجود تمام ٹیموں کی مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 56

چمن، گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول ناصر شہید چمن اور گورنمنٹ مڈل اسکول مولوی عبداللہ ٹاؤن چمن کا معائنہ کیا۔اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے اسکولوں میں اساتذہ اور طلبہ کی حاضری، تدریسی سرگرمیوں، کلاس رومز، صفائی ستھرائی اور دستیاب بنیادی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔انہوں نے مختلف کلاسز کا دورہ کرتے ہوئے طلبہ سے تعلیمی سرگرمیوں اور تدریسی عمل سے متعلق بھی معلومات حاصل کیں۔ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے اساتذہ کو ہدایت کی کہ طلبہ کی باقاعدہ حاضری، معیاری تعلیم اور بہتر تعلیمی ماحول کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ سرکاری اسکولوں میں تعلیمی معیار کی بہتری اور طلبہ کو بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

بقیہ 57

علی خان کی محکمہ زراعت کے لیے طویل عرصے تک انجام دی جانے والی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔شرکاء نے کہا کہ امجد علی خان نے دورانِ ملازمت اپنی ذمہ داریاں محنت، لگن اور فرض شناسی کے ساتھ انجام دیں اور محکمہ زراعت کی بہتری، زمینداروں و کاشتکاروں کے مسائل کے حل اور زرعی شعبے کی ترقی کے لیے اہم کردار ادا کیا۔اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع نصیر آباد میر ظہیر احمد عمرانی نے امجد علی خان کو روایتی طور پر شال پہنائی اور ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ محکمہ زراعت کے افسران اور اسٹاف کے درمیان باہمی تعاون اور ٹیم ورک ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے

بقیہ 58

دعوت اسلامی نے کہا کہ دعوت اسلامی ایک ایسا گلدستہ ہے جس کی خوشبوء ملک کے چاروں صوبوں میں یکساں پائی جاتی ہے نہ صرف یہ بلکہ بیرون ممالک میں اللہ تعالی کے فرائض اور اس کے پیارے رسول اللہ ﷺ کی سنتوں کی پرچار جاری ہے، اس فتنے وفساد کے دور میں جہاں ہر طرف مال کمانے کے چکر میں ہر ایک آدمی ایک دوسرے سے آگے دوڑ لگانے میں لگا ہوا ہے اس وقت اللہ پاک کی رضا و خوشنودی حاصل کے لئے دعوت اسلامی کے امیر اہلسنت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی نے سندھ کے دارالحکومت کراچی کے کھارادر علاقے سے ایک مرد قلندر بزرگ ہستی نے اصلاح امت کیلئے درد مدینہ کے تحت سنتوں بھرے اجتماعات کے ذریعے نوجوانوں کو نیکی کی دعوت دینے کا سلسلہ جاری رکھا، جس کے ذریعے اب دعوت اسلامی نے نیکی دعوت کو ملک بیرون ملک میں جاری رکھتے ہوئے خوب دینی، سماجی بھلائی کا کام کیا ہوا ہے۔ اس موقع پر سندھ پاکستان کے امن سلامتی، ترقی خوشحالی کے لئے کیلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں.

بقیہ 59

ایک تعزیتی بیان میں ایم پی اے نوشکی حاجی غلام دستگیر بادینی کے والد بزرگ سیاسی وقبائلی رہنما حاجی میر جمعہ خان بادینی کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحوم کی گراں قدر سیاسی وقبائلی خدمات کو خراج عقیدت پیش کی اور کہا کہ مرحوم ایک دور اندیش صفت کے مالک تھے ان کی سیاسی وقبائلی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تبارک وتعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور ان کے پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے آمین ثم آمین۔

بقیہ 60

ٹیکس کے خلاف نعرے درج تھے۔مظاہرین نے اس دوران شدید نعرے بازی بھی کی۔پریس کلب کے باہر شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے جماعت اسلامی کے رہنماؤں کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی ٹیکس کو یکسر مسترد کرتے ہیں اور اسے غریب عوام پر "بھتہ ٹیکس" قرار دیتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حکمران عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں،

بقیہ 61

میں سید صادق آغا نے کہا کہ وطن عزیز کے دفاع، امن و امان کے قیام اور دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سیکورٹی فورسز کے افسران اور جوان پوری قوم کے ہیرو ہیں۔ان کی عظیم قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور قوم اپنے شہ کو سلام پیش کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ پشین اور چاغی میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کے دوران سیکورٹی فورسز نے جس بہادری اور جر?ت کا مظاہرہ کیا، وہ قابلِ تحسین ہے۔دہشتگردوں کے خلاف جنگ میں ہمارے جوان مسلسل اپنی جانوں کی قربانیاں دے رہے ہیں تاکہ ملک کے عوام کو محفوظ اور پرامن ماحول فراہم کیا جاسکے

بقیہ 62

استقبال کیا اور انھیں پھولوں کے ہار پہنا کر عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کی بعدازاں وہ کوئٹہ سے براستہ دالبندین پوستی پہنچ گئے جہاں پر اہل علاقہ نے ان سے ملاقات کی اور انھیں عمرہ کی ادائیگی پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے حاجی زبیر احمد بوبکزئی اور حاجی احسان اللہ بوبکزئی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اس موقع پر علاقے کی امن وسلامتی اور امت مسلمہ کی وحدت اور کامیابی کے لیے اجتماعی دعا کرائی گئی اس موقع پر عصمت بڑیچ، سعید بڑیچ، سعید احمد محمد حسنی، حاجی سید علی حسنی، منصور شاگزئی، عزیز دامردہ، حاجی سعید احمد مینگل، موسیٰ خان ہچپاڑی، حاجی خان ساگزئی، حاجی عبدالهادی شاہ بخش ، حاجی ساجد مینگل، ملا عبدالباری رخشانی ، عبدالودود بوبکزئی، عمران بوبکزئی، عبدالحد بوبکزئی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 63

کوئٹہ کو صاف، محفوظ، منظم بنانے کے روشن وژن کے تحت اربن پلاننگ اینڈ ڈیزائن کمیٹی کی جانب سے اہم شاہراہوں پر نئی تعمیرات کے حوالے سے عائد پابندی پر عملدرآمد کے لیے شہریوں اور تمام متعلقہ حلقوں کو ایک بار پھر آگاہ کیا جاتا ہے کہ کمیٹی کے اعلامیہ بمورخہ 24 دسمبر 2025 کے تحت ایئرپورٹ روڈ، سبزل (سی پیک روڈ)، سریاب روڈ، لنک بادینی روڈ اور لنک شاہوانی روڈ پر کسی بھی قسم کی نئی تعمیراتی سرگرمی پر پابندی عائد ہے۔لہٰذا میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی جانب سے شہریوں، تاجر برادری، کاروباری حضرات، پراپرٹی مالکان، بلڈرز، ڈویلپرز اور دیگر متعلقہ افراد کو یاد دہانی کرائی جاتی ہے کہ مذکورہ شاہراہوں پر نئی رہائشی یا کمرشل عمارات کی تعمیر، غیر مجاز تعمیراتی توسیع یا کسی بھی نوعیت کی نئی تعمیراتی سرگرمی شروع نہ کی جائے۔

بقیہ 64

چاغی سید شجاعت حسین شاہ نے اپنے جاری کردہ مشترکہ تعزیتی بیان میں ایم پی اے نوشکی حاجی میر غلام دستگیر بادینی کے والد محترم معروف سیاسی و قبائلی رہنما حاجی میر جمعہ خان بادینی کے انتقال پر گہرے رنج وغم، دلی افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا ہے، انہوں نے کہا کہ حاجی میر جمعہ خان بادینی ایک باوقار، مخلص، زیرک اور قبائلی و سیاسی معاملات میں نمایاں مقام رکھنے والی شخصیت تھے۔ان کی وفات سے نہ صرف بادینی خاندان بلکہ سیاسی و قبائلی حلقوں میں بھی ایک بڑا خلا پیدا ہوگیا ہے، جسے مدتوں محسوس کیا جائے گا۔انہوں نے سوگوار خاندان، بالخصوص حاجی میر غلام دستگیر بادینی سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے امین

بقیہ 65

کامیاب کارروائی کرتے ہوئے نان کسٹم پیڈ ایرانی سگریٹس کی بڑی کھیپ برآمد کر لی۔تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ دودا ایس آئی پی معشوق علی جھکرانی نے پولیس اسٹاف کے ہمراہ خفیہ اطلاع ملنے پر علاقے میں چیکنگ کا سلسلہ سخت کیا۔دوران چیکنگ پولیس نے نان کسٹم پیڈ ایرانی سگریٹس کے 04 مختلف کارٹون برآمد کر کے اپنے قبضے میں لے لیے۔ترجمان جیکب آباد پولیس کے مطابق برآمد شدہ نان کسٹم پیڈ سگریٹس کے خلاف ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد تمام سامان کو باضابطہ طور پر کسٹم حکام کے حوالے کردیا گیا ہے

بقیہ 66

کی وفات دینی، علمی اور دعوتی حلقوں کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ مولانا احسان الحق رحمہ اللہ نے اپنی پوری زندگی دینِ اسلام کی خدمت، درس وتدریس، اصلاح وتربیت اور دعوت وتبلیغ کے لیے وقف کیے رکھی۔ان کی علمی و دعوتی خدمات قابلِ قدر اور ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔مرحوم نے اپنی جدوجہد کے ذریعے ہزاروں افراد کی دینی و علمی رہنمائی کی اور ایک بڑی تعداد میں تلامذہ و متعلقین کو دین کی خدمت کے لیے تیار کیا۔حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا کہ ایسے مخلص علماء اور داعیانِ دین کی رحلت سے جو خلا پیدا ہوتا ہے اسے پُر کرنا آسان نہیں

بقیہ 67

تیاریوں، انتظامی امور، مختلف کمیٹیوں کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ امن عالم اجتماع ایک اہم عالمی پیغام کے طور پر منعقد کیا جارہا ہے، جس کا بنیادی مقصد دنیا بھر میں امن، بھائی چارے، انسانی اقدار اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے مؤثر آواز بلند کرنا ہے۔

بقیہ 68

اپنے آفس میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ ایکسائز اینڈ نارکوٹکس ٹیم نے ساحلی علاقے گڈانی میں 1013 کلوگرام (ایک ٹن اور 13 کلوگرام خالص آئس (کرسٹل میتھمفیٹامائن) برآمد کر لیا جس کی بین الاقوامی مارکیٹ میں مالیت 74.19 ارب روپے بنتی ہے ڈائریکٹر جنرل ساؤتھ زون محمد زمان خان نے کہا کہ ایکسائز اینڈ نارکوٹکس ٹیم نے اس بڑی کارروائی سے ڈرگ مافیا کو اربوں روپے کا نقصان پہنچایا ہے انشاء اللہ آئندہ بھی اسی طرح وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکریٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے ویژن کے مطابق ڈرگ فری بلوچستان اور ڈرگ فری پاکستان کے تحت منشیات کے خلاف کارروائیاں جاری رہینگی، ڈائریکٹر جنرل ایکسائز ساؤتھ زون بلوچستان محمد زمان خان نے گزشتہ دو سالوں کی مختلف کارروائیوں کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ یہ تاریخی برآمدگی گزشتہ دو سالوں کے دوران ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے ساحلی پٹی پر کی جانے والی کامیاب کارروائیوں کا تسلسل ہے میگا میرین آپریشن کے دوران 425 کلوگرام آئس، 20 کلوگرام چرس، اور 5,076 یونٹ غیر ملکی شراب و بیئر برآمد کی جس کی عالمی مارکیٹ میں قیمت تقریبا 31,35 ارب روپے بنتی ہے اسی طرح اینٹی نارکوٹکس نے دوران کاروائی 200 کلوگرام آئس 600 کلوگرام چرس، اور 8,000 یونٹ غیر ملکی شراب و بیئر برآمد کی جس کی عالمی مارکیٹ میں قیمت تقریبا 28 ارب روپے ہوتی ہے

بقیہ 69

احتجاج اور غم وغصے کا اظہار کیا ہے۔وی آئی پی موومنٹ کے نام پر سیکورٹی اہلکاروں نے ہسپتال کے تمام راستے سیل کر دیے، جس کی وجہ سے ڈیوٹی پر آنے والے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور نرسنگ اسٹاف کو ہسپتال میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی گئی۔اس دوران سیکورٹی اہلکاروں نے عملے کے ساتھ شدید نازیبا الفاظ اور توہین آمیز رویہ اختیار کیا، جس سے طبی عملے کا استحقاق شدید مجروح ہوا۔ایک طرف حکومت اور محکمہ صحت AI اٹینڈنس کے نام پر عملے کی غیر حاضریاں لگا کر ان کی تنخواہیں کاٹ رہے ہیں، اور دوسری طرف سیکورٹی ادارے خود عملے کو ہسپتال میں داخل نہیں ہونے دیتے۔ان متضاد اور ظالمانہ حالات میں آخر پیرامیڈیکس اور ہسپتال کا عملہ کیا کرے؟

بقیہ 70

کانفرنس سندھ کی کمیٹیوں کے ذمہ داران کا اہم اجلاس طلبشر کی گئی ہیں ڈپٹی کمشنر جنوبی ڈیرہ بگٹی کے مطابق بعض ٹی وی چینلز، اخبارات اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر مائی سہائی کے قتل سے متعلق خبریں نشر وشائع کی گئیں، تاہم ان خبروں میں بیان کردہ واقعے سے متعلق معلومات حقائق پر مبنی نہیں اور غیر مصدقہ ہیں انہوں نے کہا کہ حساس نوعیت کے واقعات سے متعلق غیر مصدقہ اطلاعات کی تشہیر سے عوام میں بے چینی اور غلط فہمی پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ علاقے کی امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے بھی منفی تاثر پیدا ہوسکتا ہے ڈپٹی کمشنر نے میڈیا سے اپیل کی کہ حساس نوعیت کے واقعات سے متعلق کوئی بھی خبر نشر یا شائع کرنے سے قبل ضلع انتظامیہ اور پولیس کے مجاز حکام سے حقائق کی تصدیق ضرور کی جائے تاکہ غلط معلومات کے پھیلاؤ سے گریز کیا جاسکے

بقیہ 71

عہدیداران، سیاسی کارکنان اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔تعزیتی ریفرنس میں سردار عطاء اللہ مینگل کی سیاسی جدوجہد، قومی سیاست میں ان کے کردار، بلوچستان کے عوام کے حقوق کے لیے ان کی طویل جدوجہد اور ان کے سیاسی سفر پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔مقررین نے سردار عطاء اللہ مینگل کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنی سیاسی زندگی میں مشکل اور کٹھن حالات کا سامنا کیا، تاہم اپنے اصولی سیاسی موقف اور بلوچ قوم کے حقوق کے لیے آواز بلند کرنے سے کبھی گریز نہیں کیا۔تعزیتی ریفرنس میں ضلعی صدر عبداللطیف قلندرانی، ضلعی جنرل سیکرٹری سلطان امام، نائب صدر ڈاکٹر عبدالمالک رودینی، جوائنٹ سیکرٹری شاکر بلوچ، فنانس سیکرٹری ظفر جان مینگل، سابق ضلعی نائب صدر میر عبدالرحمٰن گرگناڑی، سابق ضلعی جنرل سیکرٹری امان اللہ مینگل، مکری رسول بخش قمبرانی اور بطورِ مہمان ڈاکٹر وحید الگو سمیت دیگر سیاسی وسماجی شخصیات نے شرکت کی، پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع سوراب کے ضلعی صدر عبداللطیف قلندرانی نے سردار عطاء اللہ مینگل کی سیاسی و قومی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا

بقیہ 72

دیگر جاری کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔افسران نے تعمیراتی کام کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ موقع پر موجود متعلقہ حکام اور تعمیراتی عملے سے منصوبے کی پیش رفت، مکمل کیے گئے کام اور باقی ماندہ تعمیراتی مراحل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ بھی حاصل کی۔اس موقع پر افسران نے کہا کہ فائر اسٹیشن لورالائی شہر کے لیے ایک اہم عوامی سہولت ہے، جس کی تکمیل سے آگ لگنے کے واقعات اور دیگر ہنگامی صورتحال میں شہریوں کو بروقت امداد فراہم کرنے میں نمایاں مدد ملے گی۔ایک فعال فائر اسٹیشن نہ صرف شہریوں کی قیمتی جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کرے گا بلکہ ہنگامی حالات میں فوری رسپانس اور امدادی کارروائیوں کو بھی مؤثر بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔دورے کے دوران تعمیراتی کام کی رفتار کا بھی جائزہ لیا گیا۔

گوادر،صوبائی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی کے تحت اسکل ڈویلپمنٹ اور مڈل لیول ایکسیلریٹڈ پروگرام سینٹر میں طلباء وطالبات کمپیوٹر سیکھ رہے ہیں

ڈرگ کنٹرول ایڈمنسٹریشن کی ٹیم نے کوئٹہ، کچلاک اور نواں کلی میں کارروائی

45 فارمیسیز اور میڈیکل اسٹورز کا معائنہ، 210 کلوگرام غیر معیاری، غیر رجسٹرڈ، غیر لیبل شدہ اور غیر منظور شدہ برآمد

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایات پر ڈرگ کنٹرول ایڈمنسٹریشن کی ٹیم نے کوئٹہ، کچلاک اور نواں کلی میں کارروائی کرتے ہوئے 45 فارمیسیز اور میڈیکل اسٹورز کا معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران 8 مقامات سے 210 کلوگرام غیر معیاری، غیر رجسٹرڈ، غیر لیبل شدہ اور غیر منظور شدہ برآمد کر کے سرکاری تحویل میں لے لیا گیا، جبکہ متعلقہ افراد کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی گئی۔ دکانداروں کو خبردار کیا گیا کہ غیر رجسٹرڈ اور غیر معیاری بچوں کی غذائی مصنوعات کی خرید وفروخت یا ذخیرہ کرنے کی (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری سے چیف آفیسر خالق آباد اور این آر ایس پی کے ڈسٹرکٹ مینیجر سے بریفنگ لے رہی ہیں

حکومت صاف پانی کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، شکیل قادر

بہتر تعلیم، صاف پانی، روزگار، سفری سہولت، جدید ٹیکنالوجی اور معاشی مواقع فراہم کرنے کا ذریعہ ہیں

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا کہ حکومت کی جانب سے شروع کیے گئے اسٹریٹیجک منصوبے محض ترقیاتی سرگرمیاں نہیں بلکہ عوام کو بنیادی سہولیات، بہتر تعلیم، صاف پانی، روزگار، سفری سہولت، جدید ٹیکنالوجی اور معاشی مواقع فراہم کرنے کا ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان منصوبوں کا براہِ راست تعلق عوام کی روزمرہ زندگی سے ہے، اس (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں، یاسر اقبال دشتی

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیرِ صدارت ستمبر 2026 کی ایس این آئی ڈی پولیو مہم کے انتظامات، تیاریوں اور مؤثر عملدرآمد کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع کیچ میں پولیو سے (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کر دیا گیا

کارروائی کا مقصد عوامی گزرگاہوں کو کشادہ رکھنے اور شہریوں کو بہتر ماحول فراہم کرنا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی کے کوئٹہ کو منظّم، خوبصورت اور ماڈل شہر بنانے کے وژن کے تحت شہر کے مرکزی تجارتی علاقوں میں تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کر دیا گیا ہے۔ ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کی ہدایات پر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے اینٹی انکروچمنٹ اور زرغون زون مانیٹرنگ سیل (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

سیوی، یونین کونسل نمبر 06 کے وارڈ نمبر 02 کے کامیاب امیدواروں کی حلف برداری کے سلسلے میں تقریب

سیوی (خ ن) میونسپل کمیٹی سیوی کے وارڈ نمبر 20 اور یونین کونسل نمبر 06 کے وارڈ نمبر 02 کے کامیاب امیدواروں کی حلف برداری کے سلسلے میں تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سیوی و ریٹرننگ آفیسر میر بہادر خان بنگلزئی نے حلف لیا۔

غیر لیبل شدہ اور ناقابلِ سراغ ملک پاؤڈر و انفینٹ فارمولا کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن

22 فوڈ مراکز کو جرمانے، 29 کو اصلاحی نوٹسز جاری جبکہ 2 یونٹس سیل

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے ہمراہ غیر رجسٹرڈ، غیر لیبل شدہ اور ناقابلِ سراغ ملک پاؤڈر و انفینٹ فارمولا کے خلاف خصوصی کریک ڈاؤن جاری ہے۔ کوئٹہ، خضدار، حب، صحبت پور اور لورالائی سمیت مختلف اضلاع میں کارروائیوں کے دوران 22 فوڈ مراکز کو جرمانے، 29 کو اصلاحی نوٹسز جاری جبکہ 2 یونٹس سیل کیے گئے۔ کوئٹہ میں جاری خصوصی مہم کے دوران 54 فوڈ یونٹس کی چیکنگ کی (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان کا پشکان فش لینڈنگ جیٹی کا دورہ

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان نے پشکان فش لینڈنگ جیٹی کا دورہ کیا اور جیٹی کی بحالی کے لیے جاری کاموں میں ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ حالیہ دورے کے دوران جاری کاموں میں مزید پیش رفت پر ڈائریکٹر جنرل نے اطمینان کا (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کا وفاق المدارس کے نمائندوں اور دیگر علماء کرام کے ساتھ اہم اجلاس

مہم کے دوران پیش آنے والی رکاوٹوں اور انکاری کیسز کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیرِ صدارت انسداد پولیو مہم کے حوالے سے وفاق المدارس کے نمائندوں اور دیگر علمائے کرام کے ساتھ اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں صوبائی کوآرڈینیٹر انعام الحق، وفاق المدارس کے نمائندوں، پولیو پروگرام کے (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

جاری شدہ فنڈز کے مؤثر اور بروقت استعمال کو یقینی بنایا جائے، صادق عمرانی

فنڈز کے استعمال کے بعد اگلی ریلیز بھی بروقت جاری کی جائے۔ ملاقات میں شیر جان کڈنی ڈیم کی مرمت کے حوالے سے بھی اہم پیش رفت ہوئی

مرہ تنگی ڈیم اور شیر جان کڈنی ڈیم علاقے کی ترقی، زرعی ضروریات اور عوامی مفاد کے اہم منصوبے ہیں اور ان کی بروقت تکمیل و مرمت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما اور حلقہ PB-05 لورالائی کے ٹکٹ ہولڈر، چیئرمین شمس حمزہ زئی نے صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی سے ان کے دفتر میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران چیئرمین شمس حمزہ زئی نے مرہ تنگی ڈیم کے تعمیراتی کام کی سست روی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی وزیر سے مطالبہ کیا کہ منصوبے کو فاسٹ ٹریک بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ علاقے کے عوام (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

دالبندین، میر عرض محمد بڑیچ کی ایف سی ہیڈکوارٹر دالبندین رائفلز کے دورے کے موقع پر کمانڈنٹ بریگیڈیئر اعجاز احمد اور میجر جنرل سعد محمود کے ہمراہ گروپ فوٹو

میر عرض محمد بڑیچ کی ایف سی ہیڈکوارٹر دالبندین رائفلز آمد

ایف سی اور بلوچستان کے عوام عوام کا ایک دوسرے سے چولی دامن کا ساتھ ہے، رہنما مسلم لیگ ن

دالبندین (نامہ نگار علی احمد) مسلم لیگ نواز رخشان ڈویژن کے صدر و عوامی بڑیچ پینل کے بانی حاجی میر عرض محمد بڑیچ کی ایف سی ہیڈکوارٹر دالبندین رائفلز آمد ایف سی دالبندین رائفلز کے نئے کمانڈنٹ بریگیڈیئر اعجاز احمد اور میجر جنرل سعد محمود سے ملاقات اس موقع پر مختلف علاقائی اور دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا حاجی میر عرض محمد بڑیچ نے نئے کمانڈنٹ اعجاز احمد کو دالبندین آمد پر خوش آمدید کہا اور ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ امید (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

صحافیوں اور لوکل پرنٹ میڈیا کیخلاف سازش کرنے والوں سے کھلی جنگ ہوگی، بی ایم ایف

کسی صحافی، سوشل میڈیا ایکٹوسٹ یا لوکل اخبار سے زیادتی برداشت نہیں کرینگے۔ قیوم بلوچ

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ نے کہا ہے کہ صحافیوں اور لوکل پرنٹ میڈیا کا حق غصب کرنے والوں کیخلاف کھلی جنگ ہوگی، کسی تنظیم، گروہ یا فرد کیخلاف نہیں بلکہ ہم اتحاد و یکجہتی کا پیغام لے کر آئے ہیں، جس کے ساتھ لفظ صحافی جڑا ہے وہ ہمارے وجود کا حصہ ہے اور کسی بھی صحافی، سوشل میڈیا ایکٹوسٹ یا لوکل اخبار کے ساتھ زیادتی ہرگز برداشت (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)



بلوچستان بھر کے صحافیوں کو یکجا کررہے ہیں
کسی صحافی، سوشل میڈیا ورکرز اور لوکل اخبار کیساتھ زیادتی برداشت نہیں کرینگے
قیوم بلوچ
صحافیوں اور پرنٹ میڈیا کے خلاف سازش کرنے والوں سے کھلی جنگ ہوگی
صدر قیوم بلوچ کی وفد سے بات چیت
بلوچستان میڈیا فورم

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر نے اورماڑہ کا دورہ

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن ’’صحت کی بنیادی سہولیات عوام کی دہلیز پر‘‘ کے تحت ضلع گوادر میں صحت عامہ کی سہولیات کی فراہمی اور سروس ڈیلیوری کو مزید مؤثر بنانے کے لیے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر نے اورماڑہ کا دورہ کیا۔

نسٹ بلوچستان کیمپس، کوئٹہ میں ایک اہم راؤنڈ ٹیبل ڈسکشن

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس، حکومتِ بلوچستان اور BRSP کے اشتراک سے چھ اضلاع کے لیے مختص RISE پروگرام کے تحت SocialandLeadership "Youth Development Enterprise Program" کے موضوع پر نسٹ بلوچستان کیمپس، کوئٹہ میں (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

ڈرگ انسپکٹر ڈاکٹر محمد انور کا سوراب بازار کے مختلف مقامات پر قائم میڈیکل اسٹورز کا معائنہ

ادویات کی خرید وفروخت کے حوالے سے تمام متعلقہ قوانین اور ضوابط پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے

سوراب (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سلیم احمد مستوئی کی ہدایات پر ڈرگ انسپکٹر ڈاکٹر محمد انور محمد حسنی، تحصیلدار محمود کرد، ڈپٹی آفیسر پولیس انسپکٹر عبدالخالق اور دیگر نے سوراب بازار کے مختلف مقامات پر قائم میڈیکل اسٹورز کا معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران مختلف میڈیکل اسٹورز میں موجود ادویات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

بی ٹیوٹا بلوچستان میں تربیتی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے تیزی سے کام جاری ہے، شکیل قادر

صوبائی معیشت کو مضبوط کرنے کے لیے ایسے ہنر جن کی طلب مقامی صنعتوں، تعمیرات، زرعی مشینری اور آئی ٹی سیکٹر میں زیادہ ہے، پر خصوصی فوکس رکھا جائے گا

MIS کے ذریعے اداروں، ٹرینیز، ٹریڈز، داخلوں اور کارکردگی سے متعلق تمام معلومات یکجا کی جائیں گی، چیف سیکرٹری بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت آج بی ٹیوٹا (TEVTA-B) کے امور سے متعلقہ ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں صوبے میں ٹیکنیکل و ووکیشنل تعلیم کی بہتری اور نوجوانوں کو روزگار سے جوڑنے کے لیے جامع حکمتِ عملی پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں مینیجنگ ڈائریکٹر بی ٹیوٹا نے صوبائی سطح پر جاری اور آئندہ منصوبوں کا جائزہ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

مکران میں پوسٹ گریجویٹ طبی تعلیم کے حوالے سے ایک اہم سنگِ میل عبور کرلیا

تربت (خ ن) مکران میں پوسٹ گریجویٹ طبی تعلیم کے حوالے سے ایک اہم سنگ میل عبور کرلیا گیا ہے۔ ٹیچنگ ہسپتال تربت میں کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (CPSP) کا امتحانی مرکز قائم اور فعال کردیا گیا ہے۔

ملک وقوم پر مسلط حکمران حکمت اور بصیرت سے محروم ہیں، مولانا رفیق

ان کی ناقص پالیسیوں کے باعث ملک و قوم مسلسل مصائب و مشکلات سے دوچار ہیں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کی ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے امراء و نظماء کا نمائندہ اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیرِ صدارت ضلعی سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام تحصیلوں اور یونٹوں کی جانب سے اپنی تنظیمی کارکردگی رپورٹس پیش کی گئیں اجلاس میں جماعت کو مزید فعال، منظم اور متحرک بنانے، تنظیمی دوروں کو نتیجہ خیز (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، لہڑی ہاؤس میں ممتاز ٹرانسپورٹر قبائلی رہنماء الحاج میر فیروز خان لہڑی کی برسی کے موقع پر میر دولت لہڑی، میر حشمت لہڑی، میر ذوالفقار لہڑی اور دیگر کی موجودگی میں قرآن خوانی کے بعد ایصال ثواب کیلئے لنگر تقسیم کیا جا رہا ہے

تاجر صلاح الدین نورزئی کی شہادت قابل مذمت ہے، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کوئٹہ کے علاقے مسلم آباد میں ممتاز تاجر حاجی صلاح الدین نورزئی کو نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے شہید کیے جانے کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے انتہائی افسوسناک اور تشویشناک قرار دیا ہے۔

صفائی مہم کو مزید مؤثر اور منظّم بنایا جائے، حبیب احمد بنگلزئی

شاہراہوں، بازاروں، داخلی وخارجی راستوں اور عوامی مقامات پر صفائی کے انتظامات کو یقینی بنایا جائے

ضلع چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیرِ صدارت آج ڈپٹی کمشنر آفس چمن میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ضلعی انتظامیہ، سکیورٹی اداروں اور مختلف متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع چمن کی مجموعی انتظامی صورتحال، امن و امان، سکیورٹی انتظامات، بین الحکمہ رابطہ کاری اور عوامی مفاد سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے اپنے اپنے محکموں کی جانب (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

صلاح الدین نورزئی کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، پشتونخوا میپ

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں پارٹی رکن اور ممتاز تاجر صلاح الدین خان نورزئی کے قتل کے المناک واقعہ کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ 8 ماہ قبل صلاح الدین خان (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

شہریوں کی آمدورفت میں رکاوٹ کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، ظہیر احمد بلوچ

شہریوں کو مقررہ مقدار کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، اسسٹنٹ کمشنر ماجھی پور

ماجھی پور (نامہ نگار وقار احمد کاکڑ) اسسٹنٹ کمشنر ماجھی پور ظہیر احمد بلوچ نے شہر کے مختلف پٹرول پمپس کا اچانک دورہ کر کے پٹرول اور ڈیزل کے گیجز چیک کئے۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف پیمانوں اور گیجز کا تفصیلی جائزہ لیا، تمام پیٹرول پمپس پر گیجز مقررہ پیمائش کے مطابق اور درست پائے گئے۔ اسسٹنٹ کمشنر ظہیر احمد بلوچ نے پیٹرول پمپ انتظامیہ کو (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر ماجھی پور ظہیر احمد بلوچ شہر کے مختلف پیٹرول پمپس کا دورہ کررہے ہیں

لورالائی: زیرِ تعمیر فائر اسٹیشن کی تعمیراتی کام میں نمایاں پیش رفت، ڈپٹی کمشنر کی جلد تکمیل کی ہدایت

وہاں جاری تعمیراتی سرگرمیوں، کام کے معیار اور منصوبے کی مجموعی پیش رفت کا موقع پر جائزہ لیا

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کے افسران نے زیرِ تعمیر فائر اسٹیشن لورالائی کا تفصیلی دورہ کیا اور وہاں جاری تعمیراتی سرگرمیوں، کام کے معیار اور منصوبے کی مجموعی پیش رفت کا موقع پر جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انتظامیہ کے افسران نے فائر اسٹیشن کی مرکزی عمارت، مختلف تعمیراتی حصوں، فائر بریگیڈ کی گاڑیوں کے لیے مختص جگہ، واٹر ٹینک، بیرونی چار دیواری اور (بقیہ 72 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر چمن کی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر چمن عبدالقدوس کے ہمراہ ضلع چمن کے مختلف سرکاری اسکولوں کا اچانک دورہ

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر چمن عبدالقدوس کے ہمراہ ضلع چمن کے مختلف سرکاری اسکولوں کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول مردہ کاریز چمن، گورنمنٹ مڈل اسکول انزرگئی کاریز (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

لورالائی، ایس این آئی ڈی پولیو مہم کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس، ہر بچے تک رسائی یقینی بنانے کا عزم

ہر بچے کے منہ تک پولیو کے دو قطرے پہنچانا ہماری اولین ترجیح ہے، مقبول احمد کاکڑ

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں): ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن روم لورالائی میں آئندہ ہونے والی ایس این آئی ڈی پولیو مہم کی تیاریوں اور انتظامات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر مقبول احمد کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈاکٹر عاصم، این اسٹاف ڈاکٹر وزیر حسنی سمیت محکمہ صحت، پولیو پروگرام اور (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

دعوت اسلامی لاڑکانہ کی جانب سے دعوت اسلامی کا 45 ہواں یوم فیضان مدینہ میں شاندار طریقے سے منایا گیا

ملک بیرون ممالک میں اللہ تعالیٰ کے فرائض اور اس کے پیارے رسول اللہ ﷺ کی سنتوں کی پرچار جاری ہے

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) دعوت اسلامی لاڑکانہ کی جانب سے دعوت اسلامی کا 45 ہواں یوم فیضان مدینہ میں شاندار طریقے سے منایا گیا، جس میں مبلغ دعوت اسلامی نے کہا کہ الحمدللہ دعوت اسلامی اللہ پاک کی ایک نعمت ہے، جس میں ہر عمر والے کی اصلاح کی جارہی ہے مگر سب سے زیادہ اس روحانی اصلاحی مدنی تحریک میں نوجوان اکثریت کے ساتھ شامل ہیں، مبلغ (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

تمبو ٹریفک حادثے میں ایک شخص ہلاک جبکہ دو افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو ٹریفک حادثہ ایک شخص ہلاک جبکہ دو افراد زخمی ہوگئے پولیس کے مطابق تمبو کے علاقے پولیس تھانہ منجھو شوری کی حدود روپاپل کے مقام پر تیز رفتاری کے باعث رکشہ الٹنے سے ایک نوجوان (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

ڈویژنل ڈائریکٹر زراعت توسیع نصیرآباد امجد علی خان کے اعزاز میں پروقار الوداعی تقریب

سرکاری ملازمت کے دوران انجام دی جانے والی مخلصانہ خدمات ہمیشہ یاد رکھی جاتی ہیں

باباکوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) ڈویژنل ڈائریکٹر زراعت توسیع نصیرآباد امجد علی خان کی ملازمت کی مدت پوری ہونے پر ان کے اعزاز میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع نصیرآباد میر ظہیر احمد عمرانی کی جانب سے ایک پروقار الوداعی چائے پارٹی کا اہتمام کیا گیا، جس میں محکمہ زراعت توسیع، مارکیٹ کمیٹی اور متعلقہ اداروں کے افسران و اہلکاروں نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے دوران افسران و اسٹاف نے ڈویژنل ڈائریکٹر زراعت توسیع نصیرآباد امجد (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

باباکوٹ، میر ظہیر احمد عمرانی کی جانب سے ایک پروقار الوداعی چائے پارٹی کے موقع پر گروپ فوٹو

عوامی تعاون کے بغیر پولیو کے مکمل خاتمے کا ہدف حاصل کرنا مشکل ہے

لورالائی میں ایس این آئی ڈی پولیو مہم کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن روم لورالائی میں آئندہ ہونے والی ایس این آئی ڈی پولیو مہم کی تیاریوں اور انتظامات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لورالائی ڈاکٹر مقبول احمد کاکڑ کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈاکٹر عاصم، این اسٹاف ڈاکٹر وزیر حسنی سمیت محکمہ صحت، پولیو پروگرام اور متعلقہ شعبوں کے دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں 21 ستمبر سے 24 ستمبر تک جاری رہنے والی (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

پاکستان کے دفاع اور سالمیت کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائیگا، فیصل جمالی

6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا ناقابلِ فراموش باب، شہداء اور غازیوں کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

یومِ دفاع ہمیں قومی اتحاد، یکجہتی، نظم و ضبط اور حب الوطنی کا درس دیتا ہے، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک

گنداخہ (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے 6 ستمبر یومِ دفاعِ پاکستان کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 6 ستمبر ہماری قومی تاریخ کا ایک ایسا ناقابلِ فراموش دن ہے جب افواجِ پاکستان کے بہادر جوانوں نے بے مثال شجاعت، جرات اور حب الوطنی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مادرِ وطن کے دفاع کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

انا للہ وانا الیہ راجعون
اظہار افسوس

دالبندین (نامہ نگار) ضلع چاغی کے ممتاز سیاسی و قبائلی شخصیت سردار حاجی جمعہ خان میران زئی نے اپنے جاری کردہ (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر جنوبی ڈیرہ بگٹی کی وضاحت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر جنوبی ڈیرہ بگٹی نے لوک فنکارہ مائی سہائی کے مبینہ قتل سے متعلق مختلف میڈیا پلیٹ فارمز پر نشر و شائع ہونے والی خبروں کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ رپورٹس میں واقعے اور اس کے مقام سے متعلق غلط اور گمراہ کن معلومات انٹرنیشنل پیس (بقیہ 70 صفحہ 3 پر)

سردار عطاء اللہ مینگل کی پانچویں برسی پر بی این پی سوراب کے زیرِ اہتمام تعزیتی ریفرنس

کارکنان کی شرکت، سردار عطاء اللہ مینگل کی سیاسی و قومی جدوجہد کو خراجِ عقیدت

سوراب (نامہ نگار) بلوچ رہشون، بزرگ سیاسی رہنما اور بلوچستان کی قومی و سیاسی تاریخ کی اہم شخصیت سردار عطاء اللہ مینگل کی پانچویں برسی کے موقع پر بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) ضلع سوراب کے زیرِ اہتمام تحصیل گدر میں زیرِ صدارت ضلعی صدر عبدالطیف قلندرانی ایک پروقار تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں پارٹی کے ضلعی عہدیداران، سابق (بقیہ 71 صفحہ 3 پر)

جیکب آباد: پیٹرولیم مصنوعات پر لیوی ٹیکس کیخلاف شٹر بند ہڑتال، پریس کلب تک احتجاجی ریلی

اگر ٹیکس کا یہ ظالمانہ سلسلہ فوری بند نہ کیا گیا تو احتجاج کا دائرہ کار مزید وسعت اختیار کرے گا

جیکب آباد (رپورٹ انیس جلھرانی) جماعت اسلامی کی مرکزی کال پر پیٹرولیم مصنوعات پر ظالمانہ لیوی ٹیکس کے خلاف جیکب آباد میں مکمل شٹر بند ہڑتال کی گئی اور شہر بھر میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ حاجی دیدار علی لاشاری، ابوبکر سومرو اور دیگر رہنماؤں کی قیادت میں ضلعی آفس سے ایک بڑی ریلی نکالی گئی جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب پر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کے شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر حکومت مخالف اور (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

وی آئی پی کلچر کے نام پر راستوں کی بندش اور عملے کی تذلیل کا سلسلہ فی الفور بند کیا جائے، پیرامیڈیکس

پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کا سیکیورٹی اداروں کے جابرانہ رویے اور بدانتظامی پر شدید احتجاج اور غم و غصے کا اظہار

تربت (نامہ نگار) پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن (رجسٹرڈ) کے ترجمان نے کل مورخہ 2 ستمبر کو تربت ٹیچنگ ہسپتال (سول ہسپتال) میں اسلام آباد سے آئے ہوئے یوٹیوبرز کے وی آئی پی دورے کے موقع پر سیکیورٹی اداروں کے جابرانہ رویے اور بدانتظامی پر شدید (بقیہ 69 صفحہ 3 پر)

سردار عطاء اللہ مینگل کی پانچویں برسی کے موقع پر بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) ضلع سوراب کے زیرِ اہتمام تحصیل گدر میں زیرِ صدارت ضلعی صدر عبدالطیف قلندرانی ایک پروقار تعزیتی ریفرنس سے مقررین خطاب کررہے ہیں

میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کا اعلامیہ

کوئٹہ (پ ر) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے جاری کردہ ایک بیان کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

قوم دہشت گردی کیخلاف جنگ میں فورسز کیساتھ ہے، سید صادق آغا

دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کیلئے قومی اتحاد اور مؤثر حکمت عملی ناگزیر ہے، رہنما پی ٹی آئی

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے پشین اور چاغی میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائی کے دوران سیکیورٹی فورسز کے دو اعلیٰ افسران سمیت 8 جوانوں کی شہادت پر گہرے دکھ، افسوس اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

امن عالم اجتماع کی تیاریوں، انتظامات اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور کیا جائے گا

کانفرنس کو تاریخی اور کامیاب بنانے کے لیے تمام شعبوں کے درمیان مربوط رابطہ اور باہمی تعاون ضروری ہے

جیکب آباد (رپورٹ انیس جلھرانی) جمعیت علماء اسلام سندھ کے ڈپٹی سیکریٹری جنرل مولانا محمد صالح انڈہڑ نے کہا ہے کہ انٹرنیشنل پیس کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لیے جے یو آئی سندھ کی تمام کمیٹیوں کے ذمہ داران کا اہم اجلاس 5 ستمبر بروز ہفتہ، دوپہر 12 بجے، مرکز باب الاسلام، سکھر میں منعقد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس میں انٹرنیشنل پیس کانفرنس کی (بقیہ 67 صفحہ 3 پر)

انا للہ وانا الیہ راجعون
اظہار تعزیت

دالبندین (نامہ نگار) چاغی کے سماجی وقبائلی رہنماء وسابق اسسٹنٹ کمشنر آغا سید مرید شاہ اور چیئرمین یونین کونسل پدگی (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

حاجی عبدالمنان بوبزئی عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد کوئٹہ پہنچ گئے

کوئٹہ ایئرپورٹ پر ان کے عزیز واقارب اور اہلخانہ نے حاجی زبیر احمد بوبکزئی اور حاجی احسان اللہ بوبکزئی کا پرتپاک استقبال کیا

دالبندین (نامہ نگار علی احمد) جمعیت علمائے اسلام پوستی یونٹ کے سینئر رہنماء حاجی عبدالمنان بوبکزئی کے صاحبزادگان حاجی زبیر احمد بوبکزئی اور حاجی احسان اللہ عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد سعودی عرب سے واپس کوئٹہ ایئرپورٹ پہنچ گئے کوئٹہ ایئرپورٹ پر ان کے عزیز واقارب اور اہلخانہ نے حاجی زبیر احمد بوبکزئی اور حاجی احسان اللہ بوبکزئی کا پرتپاک (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

ایس ایس پی جیکب آباد: فیضان علی کے سخت احکامات پر دوداپور پولیس کی کارروائی

لاکھوں روپے کے مالیت کی نان کسٹم پیڈ سگریٹ برآمد

جیکب آباد (رپورٹ انیس جلھرانی) ایس ایس پی جیکب آباد کیپٹن (ر) فیضان علی کی جانب سے اسمگلنگ کے مکمل خاتمے اور نان کسٹم اشیاء کی نقل و حمل کی روکتھام کے حوالے سے جاری کردہ سخت احکامات پر عملدرآمد جاری ہے۔ اس سلسلہ میں دوداپور پولیس نے (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

مولانا احسان الحق رحمہ اللہ کی وفات دینی وعلمی حلقوں کیلئے بڑا نقصان ہے حافظ محمد صدیق مدنی

چمن (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام تحصیل صدر چمن بلوچستان کے رکن مجلسِ شوریٰ اور سابق ممبر یوتھ پارلیمنٹ حافظ محمد صدیق مدنی نے معروف عالمِ دین، ممتاز داعی و مبلغِ اسلام مولانا احسان الحق رحمہ اللہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

ایکسائز اینڈ نارکوٹکس ساؤتھ زون کی گڈانی کے ساحل پر بڑی کارروائی

74 ارب روپے مالیت کی ایک ٹن 13 کلو گرام آئس برآمد

حب (رپورٹ/ضیاء کمبوہ) ایکسائز اینڈ نارکوٹکس ساؤتھ زون کی گڈانی کے ساحل پر بڑی کارروائی 74 ارب روپے مالیت کی ایک ٹن 13 کلو گرام آئس برآمد، جمعرات کے روز ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ نارکوٹکس ساؤتھ زون بلوچستان محمد زمان خان نے (بقیہ 68 صفحہ 3 پر)

حب، ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ نارکوٹکس ساؤتھ زون بلوچستان محمد زمان خان منشیات کے خلاف کی جانیوالی کارروائی کے حوالے سے پریس کانفرنس کررہے ہیں

بلوچستان میں خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنانے میں اہم کردار ادا کیا جاسکتا ہے

کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں خواتین کاروباریوں کیلئے ڈیجیٹل لٹریسی پروگرام

کوئٹہ (خ ن) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP)، کوئٹہ نے سرکل ویمن ایسوسی ایشن اور کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (QCCI) کے اشتراک سے کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں خواتین کاروباریوں کے لیے ڈیجیٹل لٹریسی پروگرام کا انعقاد کیا، جس میں خواتین کو ڈیجیٹل لٹریسی کے ذریعے مہارت حاصل کرنے کیلئے ای سی آئی کیو پریکٹیکل پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اپنے کاروبار کو فروغ اور وسعت دیں۔ اس اقدام کا مقصد کاروبار کے فروغ، آن لائن مارکیٹنگ، مصنوعات کی نمائش، صارفین تک رسائی، اور وسیع تر ملکی اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی کے لیے موبائل فونز اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے مؤثر استعمال پر توجہ مرکوز کرنا تھا

حاجی عبدالمنان بوبزئی عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد کوئٹہ پہنچنے پر عزیز واقارب اور اہلخانہ نے حاجی زبیر احمد بوبکزئی اور حاجی احسان اللہ بوبکزئی کا استقبال کررہے ہیں جبکہ مختلف وفد ملاقات کے موقع پر مبارکباد دے رہے ہیں